# SENATE OF PAKISTAN

## SENATE DEBATES

---

*Saturday, September 10, 1988*

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall, (Parliament House), Islamabad, at five of the clock in the evening, with Mr. Acting Chairman (Syed Muhammad Fazal Agha) in the Chair.

---

*(Recitation from the Holy Quran)*

---

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ
تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿۱۰۹﴾ كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ
تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَتُؤْمِنُوْنَ
بِاللّٰهِ ؕ وَلَوْ اٰمَنَ اَهْلُ الْكِتٰبِ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ؕ مِنْهُمُ
الْمُؤْمِنُوْنَ وَاَكْثَرُهُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۱۱۰﴾

ترجمہ : زمین و آسمان کی ساری چیزوں کا مالک اللہ ہے اور سارے معاملات اللہ ہی کے حضور پیش ہوتے ہیں۔ اب دنیا میں وہ بہترین گروہ تم ہو جسے انسانوں کی ہدایت و اصلاح کے لئے میدان میں لایا گیا ہے۔ تم نیکی کا حکم دیتے ہو، بدی سے روکتے ہو اور اللہ پر ایمان رکھتے ہو۔ یہ اہل کتاب ایمان لاتے تو انہی کے حق میں بہتر تھا۔ اگرچہ ان میں کچھ لوگ ایمان دار بھی پائے جاتے ہیں۔ مگر ان میں بیشتر افراد نافرمان ہیں۔

# SENATE OF PAKISTAN

## SENATE DEBATES

---

*Saturday, September 10, 1988*

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall, (Parliament House), Islamabad, at five of the clock in the evening, with Mr. Acting Chairman (Syed Muhammad Fazal Agha) in the Chair.

---

*(Recitation from the Holy Quran)*

---

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَاِلَى اللّٰهِ
تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ١٠٩ كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ
تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَتُؤْمِنُوْنَ
بِاللّٰهِ ۭ وَلَوْ اٰمَنَ اَهْلُ الْكِتٰبِ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ۭ مِنْهُمُ
الْمُؤْمِنُوْنَ وَاَكْثَرُهُمُ الْفٰسِقُوْنَ ١١٠

ترجمہ : زمین و آسمان کی ساری چیزوں کا مالک اللہ ہے اور سارے معاملات اللہ ہی کے حضور پیش ہوتے ہیں۔ اب دنیا میں وہ بہترین گروہ تم ہو جسے انسانوں کی ہدایت و اصلاح کے لئے میدان میں لایا گیا ہے۔ تم نیکی کا حکم دیتے ہو، بدی سے روکتے ہو اور اللہ پر ایمان رکھتے ہو۔ یہ اہل کتاب ایمان لاتے تو انہی کے حق میں بہتر تھا۔ اگرچہ ان میں کچھ لوگ ایمان دار بھی پائے جاتے ہیں۔ مگر ان میں بیشتر افراد نافرمان ہیں۔

## QUESTIONS AND ANSWERS

**Mr. Acting Chairman:** Questions. Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui.

### PRIVATE NURSING HOMES

11. ***Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui:** Will the Minister for Health, Special Education and Social Welfare be pleased to state:

(a) whether it is a fact that the private nursing homes are run by the doctors and para-medical staff of the Government hospitals and dispensaries, if so ;

(b) the steps Government intends to take to check this tendency by imposing restrictions on private practice of doctors and para-medical staff employed in Government Hospitals and Dispensaries; and

(c) whether it is also a fact that some of the private nursing homes and maternity homes are run by unqualified doctors and staff, if so the steps taken by the Government to check these practices?

**Mir Hazar Khan Bijarani:** (a) Yes, some Private Nursing Homes are being run by doctors and para-medical staff of Government Hospitals and Dispensaries.

(b) Yes. Health Division has taken the following steps to restrict the private practice:—

(i) A declaration form has to be filled in by the doctors on their first appointment, where regular or *ad hoc*, to observe the restrictions on practice according to the rules on the subject.

(ii) A declaration of 'practising' and non-practising' posts has been issued regulating private practice according to the rules;

(iii) Non-practising allowance has been increased to make non-practising jobs more attractive;

(c) Yes. An ordinance has been drafted and a summary to the Cabinet is under submission to regulate the functioning of nursing homes and private clinics.

**Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui:** I am glad Mr. Chairman, the department has come with some confession that there are private nursing homes run by the doctors.

Now, would the Government conduct a survey and evolve some other method to know the exact number of doctors and para-medical staff of the government hospitals and dispensaries who are involved in the running of private nursing homes. This is a malpractice which is going on for long and unless a complete survey is made and all those who are running such private medical homes should be listed and specification should be taken against them instead of only having a declaration or certain other smaller measures?

**Mr. Wazir Ahmed Jogezai:** Mr. Chairman Sir, well I don't know whether it was a question or a suggestion? We will certainly look into it and the Ministry will go into a greater detail to find out and do the needful but let me mention it here that health is a provincial subject, the Ordinance is coming for the federal territory to begin with and once we have promulgated it here in the capital territory then we would request the Provincial governments to go by the spirit of this Ordinance which will be promulgated. Because we went to the Law Ministry for their opinion and they restricted us only to the federal territory. So, we are not coming out with an Ordinance for the whole of the country but for the federal areas only and then we would be going to the provinces and we would be requesting them to adopt that law Thank you, Sir.

**Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui:** Mr. Chairman, even the provincial governments are fully conscious and in today's 'Jang' there is a statement by the Provincial Minister for Health Mr. Muhammad Naseer Khan as under:

"صوبائی وزیر صحت محمد نصیر خان نے کہا ہے کہ نجی کلینک چلانے والے سرکاری ڈاکٹر سزا سے نہیں بچ سکیں گے۔ یہ بات انہوں نے محکمہ صحت کے ڈپٹی ڈائریکٹرز اور صوبے کے ضلعی فیلڈ افسران کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔"

So, this malpractice is not only at the federal level but I concede that it is at the provincial level as well.

Of course this is a provincial subject but as you can advise them, therefore, they should be asked to promulgate the law and make the survey on the same pattern so that you come to know the doctors who are doing it and with this I would also ask the learned Minister who is a substitute of course today, why not non-practising allowance should be increased to give an incentive to the people so that they may not run private nursing homes.

**Mr. Wazir Ahmed Jogezai:** Mr. Chairman, I thank the honourable member for the information he has given us. He is very well aware that the provincial

[Mr. Wazir Ahmed Jogezai]

governments have taken note of it very seriously and we would also advise them and I would request the Health Minister to consult the honourable member in this regard. And if he has some point of view to share with him (Health Minister) the Minister would *Insha Allah* call him for that consultation. I thank you, Sir.

**Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui:** There is another aspect Sir, a very serious aspect which I would like to draw your notice and the notice of the learned Minister by a supplementary that if some of these maternity homes and nursing homes are being run by unqualified people and unqualified nurses and they are being used for illegal and immoral purposes as I have got some information on the basis of which I could say that some of these maternity homes are only for abortion cases which is illegal, immoral and against Islamic injunctions.

**Mr. Acting Chairman:** Thank you. Nawabzada Jahangir Shah Jogezai Sahib.

نوابزادہ جہانگیر شاہ : میں یہ بات سمجھنے سے قاصر ہوں کہ ایک تو چیزوں کی قیمتیں بڑھ رہی ہیں، کوئی تنخواہ دار آدمی اس قابل نہیں ہے کہ اپنی تنخواہ پر رہتے ہوئے اضافی اخراجات برداشت کر سکے، ایک ڈاکٹر جو کوالیفائیڈ ہوتا ہے اگر وہ اپنی پریکٹس اپنی ڈیوٹی کے بعد کرے تو اس سہولت سے اس کو کیوں محروم کیا جائے، کیوں نہ وہ اس سے فائدہ اٹھائے اور ساتھ ہی ساتھ اپنی روزی بھی اچھی طرح سے کمائے۔ مجھے سمجھ نہیں آتی کہ اس پر اعتراض کیوں ہے۔

**Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui:** Sir, my supplementary is a different one and my supplementary is not replied.

**Mr. Acting Chairman:** What was your supplementary?

**Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui:** My supplementary was that some of these nursing homes and maternity homes have been established by persons who were not qualified doctors and nurses and they are used for immoral purposes of abortion which is not only illegal but anti-Islamic and it is against the tenets of Islam.

**Mr. Wazir Ahmed Jogezai:** Mr. Chairman, of course, I agree with the honourable member that these practices are not only illegal but also grossly immoral and we would do our best to restrict and control them. I would request the honourable member to come to the rescue of the Government and suggest to the

Government ways and means to curb this kind of activity. I thank the honourable member for having raised this issue which is of substantial importance.

**Mr. Acting Chairman:** Next question No 12.

PROMOTION AVENUES FOR DOCTORS

12. ***Amir Abdullah Khan Rokri:** Will the Minister for Health, Special Education and Social Welfare be pleased to state :

(a) whether there is any plan under consideration of the Government to improve promotion prospects of doctors employed in government service; and

(b) the total number of jobless doctors in the country and the steps taken by the Government for their employment?

**Mir Hazar Khan Bijarani:** (a) Yes. It is under consideration, in consultation with the Establishment Division to constitute a Medical Service of Pakistan.

(b) The estimated number of jobless doctors is 4,300. The following steps have been taken to increase the employment of doctors:—

(i) Double shift was introduced in all urban hospitals in the country.

(ii) An additional post of doctor was created in all Rural Health Centres in the country.

(iii) A post of a doctor was created in all the Basic Health Units where previously only para-medicals were working.

(iv) Small Business Finance Corporation extends loaning facility of Rs. 1 lakh to doctors who opt to practise in rural areas and Rs. 75,000 to those doctors who opt to practise in urban areas.

جناب امیر عبداللہ روکھڑی : یہ مشورہ کرنے پر کتنا عرصہ لگ جائے گا ۔

**Mr. Wazir Ahmed Jogezai:** I think Mr. Chairman, the honourable member knows the working of the Government which is little slow but we would really expedite to do this.

جناب قائم مقام چیئرمین : جلد سے جلد مشورہ کرنے کی کوشش کریں گے ۔

جناب شاد محمد خان : جناب والا ! کیا وزیر صاحب ارشاد فرما سکیں گے کہ کتنے ڈاکٹروں نے اس معاوضے کی سکیم سے فائدہ حاصل کیا ہے ۔

**Mr. Wazir Ahmed Jogezai:** I am sorry, I do not have the details for this question. Please give me fresh notice.

**Mr. Shad Muhammad Khan:** Right Sir.

**Mr. Acting Chairman:** Any other supplementary. No, next question No. 13.

CHARGES IN PIMS, ISLAMABAD

13. ***Amir Abdullah Khan Rokri:** Will the Minister for Health, Special Education and Social Welfare be pleased to state whether it is a fact that various fees are being charged for obtaining medical treatment from the Pakistan Institute of Medical Sciences, Islamabad, if so, the details of such fees with reasons?

**Mir Hazar Khan Bijarani:** Yes. Details of such fees are at Appendix-I. The charges have been levied for the following reasons:—

(i) Pakistan Institute of Medical Sciences is a referral hospital of international standard with most modern equipment and to maintain and run the hospital, the Government is providing grant-in-aid of Rs. 133 million every year.

(ii) The expenditure will increase after the induction of full complement of staff and range of services.

(iii) The services of such standards can not be fully financed from government revenue. It is necessary that hospital raises some revenue of its own to meet at least a part of its expenditure.

(iv) The charges which have been levied are nominal. They are comparatively much less than charges of the private clinics which provide services of much lower standards. The charges are also comparable with the charges of Sheikh Zayed Hospital, Lahore.

(v) Approximately 50% of patients are getting treatment free of cost. In addition, all federal government employees and their families; and members of parliament are also getting treatment free of cost as entitled patients.

(vi) It may be submitted that revenues generated from the charges which have been levied would cover approximately 20% of the recurring budget of the Pakistan Institute of Medical Sciences.

(Appendix has been placed in the Senate Library)

**Mr. Acting Chairman:** Any supplementary. No, next question No. 14.

AGREEMENT BETWEEN PAKISTAN & CARGILL COMPANY

14. ***Mian Amir Haider Qureshi:** Will the Minister for Industries be pleased to state whether it is a fact that an agreement was signed between Pakistan and Cargill Company for setting up a factory for the preparation of citrus, kino & orange juices if so, the progress made in this matter so far.

**Ch. Shujat Hussain:** No agreement has been signed by the Government of Pakistan and M/s. Cargill Pakistan Limited.

Messrs Cargill Pakistan Limited were granted permission on 10-9-1987 by the Government of Pakistan for the establishment of a new industrial undertaking for the production of frozen concentrate orange juice for 100 per cent export, in District Sargodha, Punjab.

No progress has been reported so far by the sponsors.

**Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui:** Would the honourable Minister inform the House as to what is total capital cost of the project.

**Ch. Shujat Hussain:** Sir, its total cost is Rs. 9,94,00,000.

**Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui:** Then, next question arises; what is the capacity of concentration to be prepared in this factory ?

چوہدری شجاعت حسین : جناب والا ! یہ منصوبہ دو مرحلوں میں کام کرے گا ، پہلے مرحلے میں ۶ ہزار ٹن فروٹ concentrate کیا جائے گا اور دوسرے مرحلے میں اس کی کل پیداوار ۱۲ ہزار ٹن تک پہنچ جائے گی ۔

**Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui :** Would the honourable Minister consider the desirability of setting up such units in other parts of the country as well ?

جناب قائم مقام چیئرمین : آئندہ کے لئے چوہدری صاحب کوئی پروگرام ہے۔

چوہدری شجاعت حسین : جی ہاں ، سب کو اجازت ہے جو بھی کوئی نئی تجویز آئے گی اس پر انشاءاللہ غور کیا جائے گا۔

میاں امیر حیدر قریشی : کام کب شروع ہوگا۔

چوہدری شجاعت حسین : جناب والا ! انہوں نے یہ کہا تھا کہ ہم ۱۸ ماہ میں مکمل کریں گے۔ زمین خرید لی گئی ہے اور اس پر مشینری کا آرڈر بھی کر دیا گیا ہے ، یہ انہوں نے زبانی بتایا ہے۔

جناب محمد طارق چوہدری : جناب والا ! میں محترم مولانا عبدالحق کے لئے تحریک پیش کرتا ہوں۔

جناب قائم مقام چیئرمین : آپ تشریف رکھیئے ، میں پڑھتا ہوں ، شکریہ۔

## OBITUARY

**Mr. Acting Chairman** : Former member of the National Assembly and noted religious scholar, Maulana Abdul Haq expired on Wednesday, the 7th September, 1988.

He was father of Senator, Maulana Sami-ul-Haq. Maulana Abdul Haq, rendered distinguished services to Pakistan in various capacities. He was thrice elected for the National Assembly from Okora Khattak. Maulana Abdul Haq belonged to the Deovband School of Islamic thought and was much respected for his knowledge of Hadith and Fiqah. Maulana Abdul Haq founded a religious Institute of Repute Dar-ul-Uloom Haqania at Okora Khattak. This Institute turned out thousands of religious students from NWFP, Baluchistan, Punjab, Azad Kashmir, Northern Areas, Afghanistan and South Africa. Many graduates of this Institute earned fame in religious and political fields. Maulana's demise is a great loss—a national loss. I, on my own behalf and on behalf of the House express my heart-felt condolences to the four sons and seven daughters and other members of the deceased family and pray to Almighty Allah to rest the departed soul in eternal peace.

جناب قائم مقام چیئرمین : جی طارق چوہدری صاحب آپ اپنی قرار داد پیش کر دیجیئے۔

جناب محمد طارق چوہدری : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم میں مندرجہ ذیل ریزولیوشن پیش کرنا چاہتا ہوں ، یہ ایوان مولانا عبدالحق مرحوم کی وفات پر گہرے دکھ اور رنج کا اظہار کرتا ہے اور اس ایوان کے معزز ممبران ان کے غم میں برابر کے شریک ہیں، اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے ہیں کہ مرحوم کی مغفرت فرمائے اور ان کو اپنے قرب میں بہترین جگہ عطا فرمائے ، میں تجویز پیش کرتا ہوں کہ ان قراردادوں کی نقل مرحوم کے لواحقین کو بھجوائی جائے۔ جناب مولانا عبدالحق مرحوم بزرگ شخصیت اور مسلمانوں کے عظیم دینی رہنما تھے۔ مرحوم نے اپنی پوری زندگی ایک ہی جگہ پر ایک ہی لکڑی کی چوکی کے اوپر بیٹھ کر مسلمان بچوں کو دین کی تعلیم سے آراستہ کرنے میں صرف کر دی۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے دین کی تکمیل کے ساتھ اس کی حفاظت کا وعدہ فرمایا تھا،جب ہم ایسے ہی اداروں میں جاتے ہیں تو ہمیں یہ یقین ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کس طرح اپنے دین کی حفاظت فرماتے ہیں اور کس طرح اس کی تکمیل کرتے ہیں اور کس طرح اس کو پھیلانے کے لیئے سامان کرتے ہیں۔ ایک درویش آدمی جس کی گدڑی بالکل خالی ہے۔ کروڑوں روپے کی ایک بلڈنگ بنی ہے۔ ۳۰ / ۳۵ لاکھ روپے سالانہ اس کے اخراجات ہیں۔ جدید اور دینی تعلیم وہاں دی جا رہی ہے۔ سینکڑوں طلباء ان کے پاس رہائش پذیر ہیں جن کے رہنے کا،جن کے کھانے کا بندوبست وہ خود فرماتے ہیں۔ پھر اتنے طلباء اور اساتذہ کی نگرانی کے بعد تصنیف و تالیف، لکھنے پڑھنے کے بعد وعظ کرنے اور اپنے علاقوں کی نمائندگی کرنے کے لیئے بھی وہ وقت نکال لیتے ہیں۔ سترہ برس تک مولانا نے پارلیمنٹ میں اپنے علاقے کی بیباک نمائندگی فرمائی اور اپنی پوری زندگی انہوں نے پاکستان کے تحفظ، پاکستان کی بقاء کے لیئے ، پاکستان کی بہتری اور پاکستان کی بھلائی کے لیئے اور اللہ تعالیٰ کے دین کو پھیلانے کے لیئے،مشتہر کرنے کے لئے اس کے لیئے تالیف و تصنیف میں گزار دی۔ اللہ تعالیٰ ان کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے۔

جناب قائم مقام چیئرمین : شکریہ ! پروفیسر خورشید صاحب۔

پروفیسر خورشید احمد : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین ! میں بھی آپ کے ریزولیوشن اور عزیزم طارق چوہدری کے ریزولیوشن کی پوری پوری تائید

[Prof. Khurshid Ahmed]

کرتا ہوں۔ حقیقت یہ ہے کہ مولانا عبدالحق اس دور میں قرون وسطیٰ کے علم و تقویٰ کی ایک زندہ مثال تھے۔ انہوں نے علم و تحقیق کی بھی خدمت کی اور طلباء کی دینی اور اخلاقی تربیت کے ذریعے سے ایک نسل تیار کی جس نے دین کی خدمت کی۔ ان کے شاگردوں نے جہاد افغانستان میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ اس پورے علاقے میں پاکستان و افغانستان میں ان کے شاگردوں کا جال پھیلا ہوا تھا۔ ان کا بڑا اہم کنٹری بیوشن خود جہاد افغانستان کی تقویت میں ہے۔ جناب والا! میں آپ کو یاد دلاؤں اس پیرانہ سالی کے باوجود نفاذ شریعت کی مہم میں اور خصوصیت سے پرائیویٹ شریعت بل، اس کی تیاری، پارلیمنٹ میں اس کے لئے فضا کو ہموار کرنا، عوامی جدوجہد میں شرکت کرنا اور جو احتجاج ہو اس میں شرکت، یہ وہ تمام چیزیں ہیں جو ہمیشہ یاد رہیں گی۔ میں اپنے دلی جذبات کا اظہار کرتے ہوئے اس ایوان کے تمام شرکاء کے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے یہ بات کہونگا کہ زندگی اور موت اللہ کے ہاتھ میں ہے لیکن ان کے اٹھنے سے علم کا ایک بڑا خزانہ اٹھ گیا، ایک بڑے سرمایۂ علم سے ہم محروم ہو گئے۔ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے۔ ان کے درجات کو بلند فرمائے اور ان کے لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے اور مسلمانوں کو توفیق دے کہ وہ دینی اور علمی تحقیق اور جہاد کے ان میدانوں میں جو انہوں نے روشن مثال قائم کی ہے اس پر چلیں اور اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو توفیق دے کہ وہ اس خلا کو پر کریں۔ ان جذبات کے ساتھ میں آپ کے اور طارق چوہدری صاحب کے ریزولیوشن کی تائید کرتا ہوں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: شکریہ! جناب محمد علی خان صاحب۔

جناب محمد علی خان: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین صاحب کہا جاتا ہے کہ موت العالِم، موت العالَم۔ یعنی ایک عالم کی موت ساری دنیا کی موت ہوا کرتی ہے۔ جناب والا! مولانا عبدالحق صاحب ایک نہایت ہی متقی اور پرہیز گار عالم دین تھے جن پر نہ صرف اہالیان صوبہ سرحد کو بلکہ میں سمجھتا ہوں سارے پاکستان کو فخر تھا۔ انہوں نے دین کی خدمت میں کوئی کمی نہیں کی اور وہ پاکستان کے ان جید علماء میں سے تھے جن کو دارالعلوم دیوبند میں پڑھانے کا شرف حاصل

ہوا۔ بعد میں انہوں نے اکوڑہ خٹک میں ایک دارالعلوم قائم کیا جس میں نہ صرف پاکستانی طلباء پڑھتے تھے بلکہ افغانستان کے طلباء بھی وہاں سے مستفید ہوتے رہے اور وہاں کی تربیت کی وجہ سے وہی لوگ آج بڑی طاقت کے ساتھ برسرپیکار ہیں۔ جناب والا! ملک میں ایسے لوگوں کی بہت زیادہ کمی ہے اور ان کی وفات سے ملک ایک نہایت جید عالم کی خدمات سے محروم رہ گیا ہے۔ ہم دعا کرتے ہیں کہ اللہ تبارک تعالیٰ انہیں جنت الفردوس میں جگہ دے اور ان کے لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین۔

جناب قائم مقام چیئرمین : شکریہ! جناب سرتاج عزیز صاحب۔

جناب سرتاج عزیز : جناب چیئرمین! مولانا عبدالحق نے جس خلوص اور محنت سے اپنی زندگی اسلام اور علم کے لئے وقف کی وہ ہم سب کے لئے ایک مثال اور ایک مشعل کی حیثیت رکھتی ہے۔ کیونکہ ہمارے ملک میں بہت کم ہستیاں ایسی گزری ہونگی جنہوں نے ایک ایسے دارالعلوم کا قیام اپنی محنتوں اور کوششوں سے کیا جو پورے علاقے بلکہ پاکستان کے بہت سے حصوں کے لئے ایک اہم درسگاہ کی شکل اختیار کر گئی اور میں سمجھتا ہوں اس سارے علاقے میں اس وقت ان کے شاگردوں کی جو تعداد ہے وہ ہزاروں نہیں شاید لاکھوں میں پہنچ چکی ہوگی اور ان کے جنازے میں مجھے خود شرکت کی سعادت حاصل ہوئی جس عقیدت اور محبت سے ان کو سپرد خاک کیا گیا وہ بجائے خود ان کی خدمات کا ایک اہم اعتراف تھا۔ میں دعا کرتا ہوں کہ ان کا دارالعلوم ان کے جانے کے بعد اس طرح تمام قوم کے لئے ایک مشعل راہ بنے۔ اسلام اور اپنی علمیت کی بدولت وہ نور جو انہوں نے اپنی زندگی میں اور روحانیت کا وہ پیغام جو انہوں نے اپنے درسوں میں اپنے شاگردوں کے ذریعے پھیلایا وہ اسی طرح پھیلتا رہے تاکہ دنیاوی اور دینی زندگی کا یہ امتزاج جو اس دارالعلوم نے پیش کیا اس کی تقلید میں اور بھی ایسے دارالعلوم ہمارے ملک میں قائم ہوں۔ میں ان الفاظ کے ساتھ دعا کرتا ہوں کہ خدا

[Mr. Sartaj Aziz]

ان پر رحمت کرے اور انھیں جنت نصیب کرے اور ان کے لواحقین کو صبر عطا کرے۔

جناب قائم مقام چیئرمین : شکریہ! جناب نوابزادہ جہانگیر شاہ صاحب۔

نوابزادہ جہانگیر شاہ : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ میں جناب مولانا صاحب سے ذاتی طور پر بھی واقف تھا اور ذہنی طور پر بھی متاثر تھا۔ جہاد تین قسم کا ہوتا ہے۔ ایک جہاد نفس سے ہوتا ہے، ایک جہاد مال سے ہوتا ہے، ایک جہاد قلم سے ہوتا ہے۔ اس نے قلم کا جہاد ساری عمر جاری رکھا۔ اس نے اسلام کی تبلیغ کی اور ان کے مدرسۂ حقانیہ سے ہزاروں کی تعداد میں طلباء صاحب علم ہوئے اور ملک میں پھیل گئے۔ اسلام کا ٹمٹماتا ہوا چراغ جو انگریزوں کے بعد اس ملک سے ناپید ہونے کے درپے تھا اس شمع کو اس نے نہیں بجھنے دیا۔ یہ ان کا اس ملک پر بڑا احسان ہے۔ اجر تو اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے، اور اللہ جو اجر دیتا ہے وہ ہمارے اجر سے ہزار گنا زیادہ ہے، انہوں نے اللہ کے دین کی خدمت کی ہے، انشاء اللہ تعالیٰ انہیں وہ مقام ملے گا جس کے وہ حقدار ہیں۔ جب ہم آخرت میں ملیں گے تو ہمیں یہ حیرت ہوگی کہ جس شخص نے ساری عمر ایک کوٹھڑی میں، ایک حجرہ میں صرف تبلیغ دین کے لئے گزاری ہو، اس کا مقام کہاں ہے اور وہ لوگ جو تخت پر بیٹھے ہوئے تھے، اور عیش و عشرت میں ڈوبی ہوئی زندگیاں گزارتے تھے، وہ کہاں ہیں۔

دین کی خدمت، انسان کا سب سے اولین فرض ہے۔ دین کو اپنے آپ پر نافذ کرنا اور دوسروں کو بتانا، نہ صرف بتانا بلکہ عمل کر کے دکھانا بھی دین کی اصل خدمت ہے۔ اس لئے اللہ تعالیٰ کہتے ہیں کہ وہ بات نہ کہو جو تم نہیں کر سکتے۔ انہوں نے وہی بات کہی، جو خود بھی کرتے تھے اور دوسروں کو بھی بتاتے تھے۔ جب کوئی شخص ہم سے جدا ہو جاتا ہے، تو دوسرے انسان بے بس ہو جاتے ہیں، کسی کا بھی کوئی اختیار نہیں ہے کہ وہ جانے والے کو روک سکے۔ صرف ہم اس کے لیئے دعا کر سکتے ہیں۔ اس کی مغفرت کے لئے دعا کر سکتے ہیں۔ ہمیں اس مدرسے کی خدمت کرنی چاہیئے جہاں وہ دین کی تعلیم دیتے

تھے۔ تاکہ وہ پودا مرجھا نہ جائے، بلکہ اس میں اور بالیدگی اور زندگی آنی چاہیئے تاکہ وہ اس قابل ہو جائے کہ یہاں سے دین کی تبلیغ کے لیئے زیادہ مبلغین پیدا ہوں۔ اس زمانے میں دین کے بارے میں لوگوں کے ذہن میں یہ بات پیدا ہوگئی ہے کہ بس یہ تو ایک ملاؤں کا نظام ہے۔ میں عرض کرتا ہوں کہ یہ بات نہیں ہمیں تو چاہیئے کہ ہم دنیا کو سائنٹیفک طریقے سے بتائیں کہ اگر آپ نے بہتر زندگی گزارنی ہے اور انسانوں کی خدمت کرنی ہے، سماج کو بہتر بنانا ہے تو صرف یہی دین ہے جو کہ قرآن وسنت میں ہے۔ ان الفاظ کے ساتھ میں عرض کرتا ہوں کہ وہ ہمارے لیئے ایک کام اور فکر چھوڑ گئے ہیں، ہمیں چاہیئے کہ ہم اس ادارے کی مدد کریں، یہ خدمت ان کی خدمت ہوگی۔ میں دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ ان کو غریق رحمت کرے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے اور یہ توفیق دے کہ وہ بھی دینی معاملات میں اسی طرح منہمک رہیں جس طرح وہ رہتے تھے تاکہ یہ لوگوں کی خدمت کریں۔

جناب قائم مقام چیئرمین : اب میں پروفیسر خورشید احمد سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ دعائیں مانگیں۔

جناب وسیم سجاد : جناب والا،.....

جناب قائم مقام چیئرمین : جناب وسیم سجاد صاحب۔

**Mr. Wasim Sajjad :** Sir, on behalf of the Government, I would like to join in supporting this resolution. The late Maulana Abdul Haq was a great religious scholar and a political leader of distinction. He has left behind a large number of students and followers all over the country. His death will be widely mourned. The President of Pakistan himself Sir, the Senior Minister and the other Ministers participated in the funeral of the Late Maulana which shows the high respect which he carried all over the country. Sir, I would join you in praying that Allah Almighty may rest his soul in peace and his family be given courage to bear this irreparable loss and all the followers and friends and students that he has left behind be given courage to bear this great loss that they have suffered. Thank you Sir.

جناب قائم مقام چیئرمین : پروفیسر خورشید احمد صاحب، دعائے مغفرت کیجیئے۔

(اس موقع پر ایوان نے مولانا عبدالحق کی روح کو ایصال ثواب کے لیئے دعا کی)

جناب قائم مقام چیئرمین : جو قرار داد ، طارق چوہدری نے پیش کی ہے ، وہ میں آپ کو پڑھ کر سناتا ہوں ۔

"یہ ایوان مولانا عبدالحق مرحوم کی وفات پر گہرے دکھ اور رنج کا اظہار کرتا ہے ، اور اس ایوان کے معزز ممبران ان کے غم میں برابر کے شریک ہیں ، اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے ہیں کہ مرحوم کی مغفرت فرمائے اور ان کو اپنے قرب میں بہترین مقام عطا فرمائے اور یہ کہ اس قرار داد کی ایک نقل مرحوم کے لواحقین کو بھجوا دی جائے ۔"

اس بارے میں ہاؤس کی کیا رائے ہے ۔

(قرار داد منظور کی گئی)

## LEAVE OF ABSENCE

جناب قائم مقام چیئرمین : اب رخصت کی درخواستیں لیتے ہیں ۔

میر یوسف علی خان مگسی صاحب نے ایوان سے ۸ تا ۱۱ ستمبر کے لیئے مزید رخصت کی درخواست کی ہے ۔ کیا آپ رخصت کی درخواست منظور فرماتے ہیں ۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین : جناب جاوید جبار صاحب نے ناگزیر وجوہات کی بنا پر آج ۱۰ ستمبر کے لیئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے ۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں ۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین : جناب عبدالحمید بلوچ نے اپنی نجی مصروفیات کی بنا پر ایوان سے ۱۰ تا ۱۵ ستمبر کے لیئے رخصت کی درخواست کی ہے ۔ کیا آپ رخصت کی درخواست منظور فرماتے ہیں ۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین : خواجہ محمد حمیدالدین نے ذاتی مصروفیات کی بنا پر ۱۰ ستمبر کے لیئے رخصت کی درخواست کی ہے ۔ کیا آپ رخصت کی درخواست منظور فرماتے ہیں ۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب قائم مقام چیرمین : جناب اعجاز علی خان جتوئی نے ناگزیر وجوہات کی بنا پر ایوان سے یکم تا ۱۰ ستمبر کے لئے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ رخصت کی درخواست منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

## PRIVILEGE MOTIONS

جناب قائم مقام چیرمین : شکریہ! اب پریویلج موشنز لیتے ہیں۔ سید عباس شاہ صاحب، آپ اپنی پریویلج موشن نمبر ۹ پڑھیئے۔

### (i) *Re* : APPOINTMENT OF GOVERNOR OF NWFP

**Syed Abbas Shah :** I raise the question that the privilege of this House has been breached by the appointment of Brig. (Retd.) Amir Gulistan Janjua as Governor of NWFP which is violation of Article 101, (1) and (2) of the Constitution of Pakistan.

**Mr. Acting Chairman :** Is it being opposed from the Government side ?

**Mr. Wasim Sajjad :** Opposed, Sir.

جناب قائم مقام چیرمین : سید عباس شاہ صاحب، آپ اس کے حق میں جو دلائل دینا چاہتے ہیں، وہ ارشاد فرمائیے۔

**Syed Abbas Shah :** It is our duty to protect the Constitution and if a provision of the Constitution is violated, it is the breach of privilege of the House. Sir, Article 101 says :

> "There shall be a Governor for each Province who shall be appointed by the President after consultation with the Prime Minister".

The clause (2) of Article 101 says :

> "A person shall not be appointed as Governor unless he is qualified to be elected as member of the National Assembly and is not less than 35 years of age".

Then, Sir, I refer to Article 63(1) (k) of the Constitution which reads :

> "63 (1) A person shall be disqualified from being elected or chosen as, and from being, a member of the Majlis-e-Shoora (Parliament), if :—

[Syed Abbas Shah]

(k) he has been in the service of Pakistan or of any statutory body or any body which is owned or controlled by the Government or in which the Government has a controlling share or interest, unless a period of two years has elapsed since he ceased to be in such service".

So, Sir, on both grounds I feel that the requirements of the Constitution have not been fulfilled. First, that there is no Prime Minister and the appointment of the Governor has not been made with the consultation of the Prime Minister which is a necessary requirement of the Constitution.

Second point is, Sir, that he was in government service and he has not completed two years after his retirement.

So, I feel it is a very simple issue of violation of the Constitution and he is disqualified on the basis of these two facts. I, therefore, propose that this should be considered as a breach of privilege of this House.

**Mr. Acting Chairman :** Mr. Wasim Sajjad.

جناب وسیم سجاد : جناب والا ! تحریک استحقاق اس وقت اس ایوان میں پیش کی جا سکتی ہے جب کہ اس ایوان کو اپنے کام میں کوئی مداخلت کا سامنا کرنا پڑا ، کوئی ایسا قدم اٹھایا جائے یا کوئی ایسی صورت حال پیدا کی جائے جس سے اس ایوان کی کارروائی میں مداخلت کا اندیشہ ہو ، ایک گورنر کی تقرری جو کہ صدر پاکستان آئین کے تحت کرتے ہیں ، اس کی تقرری سے ایوان کے کام میں کسی طرح بھی مداخلت کا اندیشہ یا مداخلت کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ۔ اس ایوان کی کارروائی معمول کے مطابق جاری ہے اور اس ایوان میں کسی قسم کی کارروائی اس سے متعلقہ نہیں ہے جس سے متعلقہ یہ تحریک استحقاق پیش کی گئی ہے۔ اس کے علاوہ جناب ! میں آپ کی توجہ رول ۶۱ کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں جس میں کہا گیا ہے کہ

"61. A member wishing to raise a question of privilege shall give notice in writing to the Secretary before the commencement of the sitting on the day the question is proposed to be raised. If the question raised is based on a document, the notice shall be accompanied by the document or its copy indicating the specific breach of privilege....

تو یہ تقرری جو ہوتی ہے، ایک حکم نامہ کے تحت کی جاتی ہے جس کی باقاعدہ نوٹیفکیشن ہوتی ہے جو نوٹیفیکیشن شائع کی جاتی ہے اور جناب والا! اس رول کے تحت ان کا فرض بنتا تھا کہ اس نوٹیفیکیشن کی کاپی اس نوٹس کے ساتھ لگائیں جس کے تحت انہوں نے تحریک استحقاق پیش کی ہے، لیکن ظاہر ہے کہ انہوں نے اس کاپی کو ساتھ نہیں لگایا۔ دوسرے جناب رول ۶۲ کے تحت یہ لکھا ہوا......

"The right to raise a question of privilege shall be governed by the following conditions, namely:—

(i) (not relévant).

(ii) the question shall relate to a specific matter and shall be raised at the earliest opportunity;

گورنر صاحب کی تقرری جناب! ۱۶ جون کو کی گئی تھی۔ یعنی اس ایوان کے پچھلے سیشن سے بھی پہلے کی گئی تھی اور اس مسئلہ کو نہ پچھلے سیشن میں اور نہ اس سیشن میں اٹھایا گیا یعنی آج ۳ تاریخ کو یہ نوٹس موصول ہوا ہے تو اتنی تاخیر کے بعد یہ تحریک نہیں پیش کی جا سکتی۔ میں آخر میں عرض کروں گا کہ جناب! آئین کی تشریح کا حق صرف عدالت عالیہ یا عدالتِ عظمیٰ کو ہے اور اس ایوان کی بہت سی رولنگز ہیں جناب چیئرمین کی، کہ آئین کی تشریح کا جہاں تک سوال پیدا ہوتا ہے۔ وہ کام اعلیٰ عدالتوں کا ہے اس ایوان کا نہیں اور میں یہ بھی عرض کرتا چلوں کہ کراچی میں یہ مسئلہ ایک رٹ کے ذریعے اٹھایا گیا ہے اور اسی وقت وہ pending ہے اور یہی سوال تھا وہاں پہ کہ آیا ایک گورنر جس کے ابھی دو سال پورے نہیں ہوئے اس کی تقرری جائز ہے یا نہیں ہے، وہ صحیح ہے یا نہیں ہے، یہ مسئلہ ابھی وہاں pending پڑا ہوا ہے۔ ان حالات میں جناب والا! میں عرض کروں گا کہ یہ تحریک استحقاق admissible نہیں ہے اسے رول آوٹ کیا جائے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: جہاں تک میں سمجھتا ہوں کہ رولز کے مطابق...

**Mr. Hasan A. Shaikh:** He says in Karachi there is a writ petition pending that is with regard to the Governor of Sind.......

*(Interruption)*

**Mr. Wasim Sajjad:** It is just to support the point that people have taken such matters to courts. I am not saying that this is directly relevant. I agree with that.

**Mr. Hasan A. Shaikh:** He has not objected to a single ground taken by the honourable member.

جناب قائم مقام چیئرمین : بہر حال عباس شاہ آپ پریس کریں گے یا نہیں۔۔۔

سید عباس شاہ : جناب والا ! مجھے خوشی ہوئی کہ منسٹر صاحب عدل و انصاف ہمارے ہاؤس کے ممبر ہیں اور آرٹیکل نمبر ۶۵ کے تحت انہوں نے بھی حلف اٹھایا اور جو پوائنٹس میں نے اٹھائے ہیں ان کو انہوں نے object نہیں کیا I am glad وہ اپنی سٹیٹمنٹ کے تحت مجھ سے agree کر رہے ہیں کہ آئین violate ہوا ہے

It is a very clear indication in this Constitution.

اب سوال دو تین انہوں نے یہ پیدا کئے کہ کراچی میں کیس pending ہے

It has nothing to do with this case.

کیونکہ وہ specific case ہے against Rahim-ud-Din Khan جو کہ وہاں کے گورنر ہیں اور میں نے اس issue کو اسی لئے raise نہیں کیا حالانکہ دونوں connected issues تھے۔

**Mr. Hasan A. Shaikh:** He has already resigned.

**Syed Abbas Shah:** He has resigned, may be on this ground but we don't know, I don't know exactly.

کہ اس کے کیا grounds تھے۔

دوسری بات انہوں نے یہ کہی کہ گزٹ نوٹیفکیشن کی کاپی نہیں لگائی۔ یہ میں اپنے اس ایوان سے پوچھتا ہوں اور آپ سے بھی جناب! یہ سوال کروں گا کہ کیا کبھی کوئی نوٹیفکیشن منسٹری آف لاء و پارلیمانی امور کی طرف سے ہمیں جاری ہوا ہے ان تقرریوں کے سلسلے میں، ہمیں تو صرف اخباروں کے ذریعے سے علم ہوتا ہے۔ جس وقت عدالت میں جناب رحیم الدین صاحب کا کیس پیش ہوا تو اس وقت یہ چیز میرے سامنے آئی

ہے کہ ہمارے گورنر بھی constitutional requirement fulfil نہیں کر رہے ہیں۔
میں کسی طور پہ حکومت کے لیئے مسئلہ پیدا نہیں کرنا چاہتا ہوں خاص کر اس وقت، لیکن
یہ میرا اور اس ایوان کا حق ہے کہ آئین کا تحفظ کریں۔ یہاں interpretation of
Constitution involve نہیں ہے۔ بلکہ violation of Constitution ہے۔

We must protect and alongwith me the honourable Minister who is a member of this House has the duty to protect this Constitution. Because Sir, we are passing through a history and this is a fact.

یہ پہلی بات کہ جمہوریت کو بچانے کے لیئے کوشش کی جارہی ہے سر! میں اس کے back
reference مورخہ ۱۱ اپریل جناب صدر مرحوم کی تقریر مجلس شوریٰ کی طرف لے جاؤں
گا۔ وہ پہلا مرحلہ تھا جبکہ آئین سے deviate کر کے۔ اس نے ایک ایسی تقریر کی جو آئین
کے تقاضوں کو پوری نہیں کرتی تھی اور اس کے بعد continuously he has violated the
Constitution, Sir.

**جناب قائم مقام چیئرمین:** شاہ صاحب اس کی ایڈمسبلٹی پہ بات کریں۔۔۔

**سید عباس شاہ:** سر ایڈمسبلٹی پہ ہی عرض کر رہا ہوں Constitution
اور ایک پوائنٹ has been violated.

On earliest opportunity ; when I was informed, this is my duty, I mean when I was informed that is the earliest opportunity I have sent it.

جہاں تک گزٹ نوٹیفکیشن کی بات ہے۔۔۔۔

**Mr. M. Zahoor-ul-Haq:** Point of order, Sir.

**Mr. Acting Chairman:** Mr. Zahoor-ul-Haq on a point of order.

**Mr. M. Zahoor-ul-Haq:** Sir, this is a continuing wrong. The continuation of the Governor in violation of the Constitution is a continuing wrong. So, the argument of the learned Minister that it is belated, would not hold water.

**Mr. Acting Chairman:** Thank you. This is no point of order. Abbas Shah Sahib, do you press it?

**Syed Abbas Shah:** I definitely Sir, press it.

**Mr. Wasim Sajjad:** Sir, may I just say a few words?

**Mr. Acting Chairman:** Yes Please.

**Mr. Wasim Sajjad:** Sir, I think I have been misunderstood as I was speaking in Urdu. I did not agree Sir, that the Constitution has been violated. I thought it appropriate to focus your attention to the rules and the conditions for admissibility of an adjournment motion. I have said Sir, that according to the rules it should have been presented at the earliest opportunity. It has not been presented at the earliest opportunity. No. 2, Sir, as he has alleged that it is a violation of the Constitution, now the question whether something is a violation of the Constitution or not is for the courts of law to decide and there is not one but several rulings of the honourable Chairman where he has said that the question whether an action is according to the Constitution or not is for the courts of law to decide and if somebody feels that a particular action is illegal he is at liberty to go to the High Court, to the Supreme Court to challenge the action and to get a decision from the courts of law on that question.

**Syed Abbas Shah:** He should say that it is according to the Constitution then I would say that it is not according to the Constitution, that will be a different thing. Sir, he is not saying this thing, he is not admitting it that it is according to the Constitution.

دوسرا gazette notification ہے He should deny it
کہ اس کی appointment نہیں ہوئی ۔ میں کہتا ہوں اس کی appointment
ہوئی ہے ۔ this is a fact, Sir.

**Mr. Acting Chairman:** Shah Sahib you have made your point.

**Mir Nabi Bakhsh Zehri:** Mr. Chairman, point of order.

**Mr. Acting Chairman:** Mir Nabi Bakhsh Zehri Sahib.

**میر نبی بخش زہری :** جناب چیئرمین ! جو مسئلہ ہاؤس میں پیش ہے میرے ساتھی سید عباس شاہ صاحب نے دو پوائنٹ پیش کئے ہیں۔ پہلا یہ کہ آئین کا حوالہ دیتے ہوئے گورنر کی تقرری وزیراعظم کے مشورہ سے صدر کر سکتا ہے۔ نمبر دو یہ کہ ملازمت سے ریٹائرمنٹ کے دو سال بعد M.N.A. یا گورنر کی حیثیت سے آ سکتا ہے۔ لیکن میرے نوجوان دوست اور محترم وزیر نے ہاؤس کو قانون دانی کا رولز ریگولیشن بتایا۔ مگر یہاں Violation of the Constitution ہے۔ آئین کا مالک تو یہ ہاؤس ہے ہم خود غلط اور صحیح کا فیصلہ کر سکتے ہیں اور یہ بالکل clear غلطی ہے ۔ قانون شکنی

ہے اور قانون کے برخلاف ہے۔ تو ہمیں عدالت میں جانے کی کیا ضرورت ہے۔ آپ اور ہم بیٹھے ہیں۔ اگر وہ نہیں مانتا ہے تو ابھی ہم ووٹنگ کریں گے۔ ہم جیت جائیں گے۔ مجھے امید ہے کہ آنریبل وزیر انصاف، انصاف کا لفظ رکھا ہوا ہے تو وہ انصاف سے کام لیں گے، وہ آئین کے تحت گورنر نہیں رہ سکتا ہے۔ شکریہ!

**Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui** : Point of order Sir. This House alongwith the National Assembly or what we say the Parliament is the author of the Constitution. We are the people—who can annul the Constitution, we can re-act another Constitution, who can amend this Constitution and so forth and so on. The result is that we being a party to the Constitution, can not be the Judges of the Constitution and so far as the point goes that this House is to decide whether the Constitution is violated or not has been wrongly used or mis-interpreted, it is only the court of law and not this House, not the lower House.

**Mr. Acting Chairman:** Thank you.

*(interruption)*

جناب قائم مقام چیئرمین : پروفیسر صاحب۔

پروفیسر خورشید احمد : شکریہ جناب۔ میرا ارادہ تو نہیں تھا جناب چیئرمین لیکن اس بحث کو سن کر میں بھی دو باتیں آپ کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں۔ بلا شبہ عدالتوں کی ایک ذمہ داری ہے اور اس میں آئین کا پروٹیکشن بھی ہے اور آئین کا انٹرپریٹیشن بھی ہے۔ لیکن اس دستور کے تحت دستوری اداروں کے کام کرنے کی حد تک سینیٹ یا نیشنل اسمبلی کو اس بات کا حق ہے کہ وہ دستور کی وائیلیشن کا نوٹس لے۔ ماضی میں ہم نے نوٹس لیا ہے یہ اور بات ہے کہ چیئرمین کی رولنگ کیا رہی لیکن اس ایوان نے برابر اس نوعیت کے اقدامات کا نوٹس لیا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ نوٹس لینا چاہیئے۔

دوسری بات جناب والا! یہ بھی آپ ذہن میں رکھیئے کہ سینیٹ کی حیثیت فیڈریشن کے محافظ اور امین کی ہے اور صوبائی گورنروں کا اگر illegal تقرر ہوا ہے تو یہ سینیٹ کی دلچسپی ہے۔ اس طرح در اصل ہمارے constituent units جس فیڈریشن کے ہم ذمہ دار ہیں اور جس کی امانت لے کر ہم کام کر رہے ہیں اگر

[Prof. Khurshid Ahmed]

اس کے انتظامی سربراہ کا تقرر دستور کے خلاف ہوتا ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ سینیٹ کو حق ہے کہ وہ اس بات کا نوٹس لے اور یہ بات بیرسٹر ظہور الحق نے بہت صحیح کہی ہے کہ وہ چیزیں جو continuing wrong ہیں اور وہ جو historic event ہے دونوں میں فرق کیا جاتا ہے اور یہ continuing wrong ہے اس لیئے آج بھی اگر سینیٹ اس کا نوٹس لیتا ہے تو وہ مجاز ہے ایسا کرنے کا اور آپ اس معاملے میں رولنگ دینے میں جلدی نہ کریں بلکہ اس کے قانونی اور سیاسی دونوں پہلوؤں کا جائزہ لے لیں اور اس کے بعد جس وقت آپ کو اطمینان ہو آپ رولنگ دیں لیکن میں چاہوں گا کہ آپ اس پر ضرور غور فرمائیں تاکہ جلدی سے ایسا نہ ہو کہ کوئی بات آپ ایسی کہہ دیں جو سیاسی روایات یا فیڈریشن کے مفاد کے تحفظ سے مطابقت نہ رکھتی ہو۔

میر نبی بخش زہری : پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب میں آپ کے نوٹس میں لاتا ہوں کہ یہ گورنر جو illegal by appoint ہوئے ہیں جب تک یہ کارروائی کرتے رہیں گے وہ ساری illegal ہوگی۔

جناب قائم مقام چیئرمین : شکریہ! This is no point of order.

میر نبی بخش زہری : ہاؤس بیٹھا ہوا ہے اور ہم فیصلہ کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ آپ ہم سے پوچھیں اور گنتی کریں کہ اس کے خلاف کتنے ووٹ آئیں گے۔

سید عباس شاہ : جسٹس منسٹر صاحب نے اس ایکشن کو ابھی تک غلط قرار نہیں دیا۔

**Mr. Acting Chairman:** Under Rule 62, Sub-rule (2) and (3) of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, I rule this motion out of order and as far as the interpretation of the Constitution is concerned, it is purely the prerogative and discretion of the High Courts of the country.

*(Interruption)*

**Syed Abbas Shah:** Sir, I don't object to your decision but at the continuation of the Governor I walk out.

*(Syed Abbas Shah walked out)*

**Mr. Acting Chairman:** Thank you. He might be going for having some tea.

## (ii) *RE :* TELECAST OF INCORRECT VERSION OF PROCEEDINGS OF THE HOUSE ON PTV.

جناب قائم مقام چیئرمین : پروفیسر صاحب آپ اپنی تحریک استحقاق پڑھیں۔

پروفیسر خورشید احمد : جناب والا ! میں یہ تحریک استحقاق پڑھ دیتا ہوں تاکہ یہ ریکارڈ پر آ جائے لیکن غالباً وزیر اطلاعات موجود نہیں ہیں اور جاتے ہوئے وہ مجھ سے یہ بات کہہ گئے ہیں کہ وہ یہ چاہیں گے کہ اس پر اگلے دن بحث ہو۔ تو میں صرف پڑھ دیتا ہوں تاکہ ریکارڈ پر آجائے۔

پاکستان ٹیلیویژن پر ۵ ستمبر ۸۸ء رات کو تقریباً سوا گیارہ بجے سینیٹ کی ۴ ستمبر کی کارروائی پر مشتمل رپورٹ پیش کی گئی۔ اس رپورٹ میں اصل بحث کی صحیح ترجمانی نہیں کی گئی۔ دو چیزوں کا خصوصی نوٹس لیا جانا ضروری ہے۔ اولاً تین وزرائے اعلیٰ کی فوج کے سربراہ سے ملاقات۔ میری تحریک استحقاق کا اصل نکتہ یہ تھا کہ اس ملاقات میں فوج کو دستور کی حدود سے باہر ایک رول کی ترغیب دینے کی خبر ملی ہے۔ جو اگر درست ہے تو یہ ایوان کے وقار کو مجروح کرنے کے مترادف ہے۔ محترم وزیر عدل نے اس نوعیت کی کسی گفتگو کے ہونے کا انکار کیا اور ان کی تردید پر میں نے اپنی تحریک پر اصرار نہیں کیا۔ لیکن اس اصل نکتے کو رپورٹ میں بیان ہی نہیں کیا گیا اور جو بات کہی گئی وہ تحریک کے مدعا کی عکاسی نہیں کر سکی۔ دوم سانحہ بہاولپور کے بارے میں میری اور محترم سینیٹر محسن صدیقی صاحب کی تحریکات التوا کے بارے میں اس رپورٹ میں دو واضح غلط بیانیاں کی گئیں۔ پہلی یہ کہ میں نے محترم وزیر دفاع سے اتفاق کیا اور یہ کہ ہم دونوں نے اپنی تحریکات پر زور نہیں دیا حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ میں نے محترم وزیر دفاع سے اختلاف کیا۔

میر نبی بخش زہری : پوائنٹ آف آرڈر سر ! اسی معزز ایوان میں کئی دفعہ چیئرمین کی موجودگی میں فیصلہ ہوا ہے کہ بجائے لفظ "زور دینے کے" لفظ "اصرار نہیں کریں گے" استعمال کیے جائیں گے۔ مہربانی کر کے معزز ممبران کو ہدایت دیں کہ یہ موزوں لفظ ہے اور زور دینا کچھ اور بات ہے۔ زور والے زور دیتے ہیں۔

پروفیسر خورشید احمد : جناب زہری صاحب کا میں بے حد احترام کرتا ہوں

[Prof. Khurshid Ahmed]

اور میں نے جہاں اپنے لیئے لفظ استعمال کیا ہے وہ اصرار کا ہے لیکن چونکہ ٹی وی والوں نے لفظ زور استعمال کیا تھا اور میں اسے کوٹ کر رہا ہوں۔ (مداخلت)

میر بنی بخش زہری : ٹی وی والوں نے یہ بہت غلط کیا ہے۔ ان کے خلاف ایکشن لینا چاہیئے۔

پروفیسر خورشید احمد : حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ میں نے محترم وزیر دفاع اسے اختلاف کیا اور یہی وجہ تھی کہ میں نے اپنی تحریک التوا پر اصرار کیا اور چیئرمین سینیٹ نے دونوں تحریکوں کو خلاف ضابطہ قرار دیا۔ ستم ظریفی یہ ہے کہ رپورٹ میں ایک طرف یہ کہا گیا ہے کہ محرکین نے اپنی تحریکات التوا پر زور نہیں دیا "اپنا تحریکات التوا پر زور نہیں دیا" اور دوسری طرف یہ بھی کہا گیا ہے کہ چیئرمین نے ان تحریکات کو خلاف ضابطہ قرار دیا۔ اگر ہم نے ان پہ زور نہ دیا ہوتا تو خلاف ضابطہ قرار دینے کا سوال ہی پیدا نہ ہوتا۔ ان واضح غلط بیانیوں کے نتیجے میں ٹیلیویژن کے تمام ناظرین کے سامنے میری پوزیشن بڑی غلط صورت میں پیش کی گئی ہے۔ جس سے میرا استحقاق مجروح ہوا ہے۔ کسی بات کی رپورٹ نہ دینا اور بات ہے اور امر واقعہ کے خلاف بات پیش کرنا بالکل دوسری چیز ہے اور چونکہ اس رپورٹ میں ہماری پوزیشن غلط طور پر پیش کی گئی ہے اس لیئے میں درخواست کرتا ہوں کہ ٹیلیویژن کے ذمہ دار افراد کی گرفت کی جائے اور اس مسئلے کو استحقاق کمیٹی کے سپرد کیا جائے اور اس بات کا اہتمام کیا جائے کہ کم از کم ریڈیو اور ٹیلیویژن پر جو سرکاری انتظام میں کام کر رہے ہیں سینیٹ کی کارروائی صحیح طور پر پیش ہو۔

**Mr. Acting Chairman:** Is it being opposed?

**Mr. Wasim Sajjad:** It is being opposed Sir, but the Information Minister himself, I think, would like to make a statement on this matter. He would require time to find out what the facts are. So, I would be grateful if the honourable member would agree to have it adjourned to the next working day.

**Mr. Hasan A. Shaikh:** Point of order. Sir, the Information Minister was here.

**Mr. Acting Chairman:** He has consulted with Professor Khurshid Ahmed before he started to read out his motion.

پروفیسر خورشید احمد : سومرو صاحب کو کہیں جانا تھا اور وہ آئے تھے میرے پاس اور میں اس بات کی بڑی قدر کرتا ہوں اور مجھے اس پر کوئی اعتراض نہیں۔ اگلے ورکنگ ڈے پر ہم اس پر ڈسکشن کرلیں گے۔ جناب وزیر عدل کی کم از کم اس بات سے مجھے اتفاق ہے۔

## ADJOURNMENT MOTIONS

جناب قائم مقام چیئرمین : اگلی تحریک التوا محمد طارق چوہدری صاحب

### (i) *RE:* ETHNIC BLOODY CLASHES BETWEEN TWO RIVAL GROUPS NEAR HANGU

جناب محمد طارق چوہدری : بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ عوامی اہمیت کے حامل اس قومی مسئلے کو فوری طور پر زیر بحث لایا جائے کہ ہنگو کے قریب دو گروہوں کے درمیان شدید فرقہ وارانہ جھڑپیں ہوئی ہیں جن میں ۱۳، افراد ہلاک اور بیشمار زخمی ہوئے۔ اس شدید ہنگامہ آرائی پر قابو پانے کے لیئے فوج طلب کرنا پڑی اس اہم مسئلے کو فوری طور پر زیر بحث لایا جائے تاکہ یہ معزز ایوان اس قسم کے تصادم کے مستقل حل کے لیئے مناسب تجاویز مرتب کرسکے۔

**Mr. Acting Chairman:** Is it being opposed?

**Malik Nasim Ahmed Aheer:** Opposed.

پروفیسر خورشید احمد : میری تحریک التوا بھی اسی سے متعلق ہے، نمبر ۱۔

جناب قائم مقام چیئرمین : آپ بھی پڑھ دیں۔

**Prof. Khurshid Ahmed** : It has been reported in the press that sectarian riots have taken place in Parachinar resulting in the death of 7 persons. This is a matter of urgent national importance and I beg to move that the normal business of the House be suspended to discuss this grave situation.

**Mr. Acting Chairman:** Is it being opposed?

**Malik Nasim Ahmed Aheer:** Again, Sir, opposed.

جناب قائم مقام چیئرمین : طارق صاحب آپ اپنے دلائل دیں۔

جناب محمد طارق چوہدری : امن و امان کا جو مسئلہ ہے وہ بظاہر صوبائی حکومتوں کی ذمہ داری نظر آتا ہے یا کہا جاتا ہے کہ صوبائی حکومتوں کی ذمہ داری ہے، لیکن ہمارا

[Mr. Muhammad Tariq Chaudhry]

آئین دین اسلام کی بنیادوں پر استوار ہے اور انسانی زندگی کے تحفظ کا نقطۂ نظر جو اسلام میں ہے وہ کسی علاقہ اور چھوٹے انتظام پر محیط نہیں ہے۔ ہمارے آئین میں انسانی جان اور مال کے تحفظ کی ضمانت دی گئی ہے اور ریاست انسانی جان کے تحفظ کی ذمہ دار ہے یعنی یہ ریاست کی ذمہ داری اور فرض ہے کہ وہ ہر انسان کی جان کا تحفظ کرے۔ اب ریاست کس کو کہتے ہیں اس کی توضیح ہمارے وزیر صاحب فرمائیں گے، بہرحال دوسری بات یہ ہے کہ یہ مسئلہ جو اس وقت ہمارے پیش نظر ہے یہ فرقہ وارانہ فساد ہے۔ نہ تو اس کی وجوہات مقامی ہیں نہ ہی اس کے اثرات مقامی ہیں۔ یہ فسادات صدر پاکستان جنرل محمد ضیاء الحق صاحب کے حادثاتی انتقال کے نتیجے میں شروع ہوئے کیوں کہ ایک گروہ نے اس حادثے پر کوئی نامناسب ردعمل کا اظہار کیا اور دوسرے لوگوں نے اس کو روکنے کی کوشش کی، اس طرح یہ فرقہ وارانہ فسادات بھڑک اٹھے۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ایک ایسا علاقہ جہاں پہلے بھی اسی طرح کے واقعات رونما ہوتے رہتے ہیں اور اس تصادم کے نتیجے میں انسانی جانوں کا زیاں ہوتا ہے وہاں اس طرح کا مستقل بندوبست کیوں نہیں کیا جاتا کہ ان فسادات کے بھڑک اٹھنے سے پہلے ہی ان کو روک دینے کی کوشش کی جائے، جب بہت سی انسانی جانیں ختم ہو جاتی ہیں، بہت سے بے گناہ یا گناہ گار لوگ مارے جاتے ہیں، قتل انفرادی ہو یا اجتماعی ہو بہرحال وہ ایک بڑا ہی سنگین مسئلہ ہے اور اس کے وقوع پذیر ہونے سے پہلے ہی ان وجوہات کا دور کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے اور جب حکومت ذمہ داری کو پورا نہیں کرتی ہے تو یہ اسکی اہلیت کا ثبوت نہیں ہے۔ شکریہ!

جناب قائم مقام چیئرمین: شکریہ، پروفیسر صاحب۔

پروفیسر خورشید احمد: نماز کا وقت ہو گیا ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: ٹھیک ہے نماز کے لئے وقفہ کر دیتے ہیں، ایوان کو سات بجے تک برائے ادائیگی نماز ملتوی کیا جاتا ہے۔

---

*[The House adjourned for prayers]*

*[The House re-assembled after interval with Mr. Acting Chairman (Syed Muhammad Fazal Agha) in the Chair].*

جناب قائم مقام چیئرمین : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، پروفیسر صاحب میں کارروائی شروع کرنے سے پہلے ممبر حضرات سے گزارش کروں گا کہ ہاؤس کی کارروائی میں کچھ دلچسپی کا مظاہرہ کریں۔ یہ بہت عجیب سی بات ہے کہ ہر دن ہم آدھا گھنٹہ لیٹ شروع کرتے ہیں اور نماز کے لیے جاتے ہیں تو پھر بھی ایک گھنٹے کے بعد اکٹھے ہوتے ہیں اور اس میں بھی کورم کی یہ حالت ہے تو گزارش یہی ہے کہ ہاؤس کے کورم کو پورا رکھنے کی کوشش کریں اور منسٹر صاحبان سے بھی گزارش ہے کہ کم از کم ہاؤس کی کارروائی میں دلچسپی لیں۔

**Mr. Ahmedmian Soomro :** I have a submission about starred questions, Sir. Three of them pertained to one Minister and the Minister was not present.

ان سے ہماری بھی گزارش ہے کہ کچھ سینیٹ کی عزت رکھیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین : بالکل صحیح ہے، سومرو صاحب میں آپ سے اتفاق کرتا ہوں، پروفیسر خورشید احمد صاحب۔

پروفیسر خورشید احمد : گزارش یہ ہے کہ اس وقت ملک میں وزیر اعظم کوئی ہے نہیں، صدر تک ہماری رسائی نہیں، وزراء جو ہیں ان کے بارے میں یہی کہہ سکتے ہیں کہ سننے سے اور ریسپانڈ کرنے کی انہیں عادت نہیں، پھر بتائیے کیا کریں۔

جناب قائم مقام چیئرمین : ممبران تو عوام کے نمائندے ہیں ان کو تو اپنے کام میں دلچسپی لینی چاہیئے، جی پروفیسر صاحب۔

پروفیسر خورشید احمد : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، جناب والا! میں آپ کی خدمت میں اپنی تحریک التوا کے سلسلے میں چند دلائل پیش کرنا چاہتا ہوں، دلائل دو نوعیت کے ہیں، ایک ٹیکنیکل یعنی یہ کہ یہ واقعہ ایک حالیہ واقعہ ہے؛ یہ بات کہ اس کا تعلق ملک کی سالمیت، اس کے نظریئے، اس کی حفاظت، اس کے استحکام سے ہے۔ یہ بات کہ یہ فیڈرل حکومت کی ذمہ داری ہے دو وجوہ سے، پہلی وجہ یہ ہے کہ وہ جس علاقے میں یہ واقعات ہوئے ہیں اس کا کچھ حصہ سیٹلڈ ایریا میں ہے لیکن کچھ حصہ ٹرائبل ایریا میں بھی ہے اور وہ وفاق کے زیر انتظام علاقہ ہے۔ اور دوسرے یہ کہ اگر آپ دستور کے اندر ایمرجنسی کے آرٹیکل

کا مطالعہ کریں تو آپ یہ دیکھیں گے کہ اس وقت ملک میں ایمرجنسی ہے، ایمرجنسی لگنے کے بعد یہ واقعات ہوئے ہیں اور ایمرجنسی میں فیڈرل حکومت کو کچھ ایسے اختیارات حاصل ہو جاتے ہیں جو عام حالات میں دستور کے تحت صوبوں کے بارے میں اسے حاصل نہیں ہیں۔ اس زمانے میں فیڈرل حکومت صوبوں کو ہدایات بھی دے سکتی ہے، ان کے معاملات پر نگاہ بھی رکھ سکتی ہے اور دستور کے فریم ورک میں صرف ایمرجنسی ہی وہ زمانہ ہے جب کہ وفاق کے اختیارات بڑھ جاتے ہیں تو جناب میں ٹیکنیکل وجوہ پر بہت زیادہ وقت صرف نہیں کرتا لیکن آپ یہ دیکھیں گے کہ جتنی بھی اس سلسلے کی ٹیکنیکل چیزیں ہیں وہ ساری کی ساری اس میں پوری ہوتی ہیں اور دوسرا جو اس کا سیاسی پہلو ہے، نظریاتی پہلو ہے، میں اس پر بڑے دکھ کے ساتھ لیکن پورے احساس ذمہ داری کے ساتھ یہ بات کہنا چاہتا ہوں کہ ملک میں مختلف انداز میں پچھلے چند سالوں سے ایسی چیزیں ہو رہی ہیں کہ جن میں بجا طور پر یہ خطرہ محسوس کیا جاسکتا ہے کہ ملک کو de-stabilize کرنے کی کوئی سازش ہے۔ کچھ لوگ اس کا آلۂ کار بن رہے ہیں۔ اس وقت یہ معاملہ شیعہ اور سنی کے پس منظر میں ہوا ہے لیکن جناب والا! میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ فقہی اختلاف کے باوجود یہ ایک حقیقت ہے شیعہ اور سنی ۱۴ سو سال سے ایک ساتھ رہ رہے ہیں۔ وہ اس امت کا حصہ ہیں۔ تحریک پاکستان میں ہم نے شانہ بشانہ کام کیا ہے، پاکستان بننے کے بعد پاکستان کو اسلامی پاکستان بنانے کے لیے جو پہلا بورڈ تعلیمات اسلامیہ قائم ہوا اس میں اگر مفتی شفیع صاحب تھے تو اس کے ساتھ ساتھ مفتی کفایت اللہ صاحب بھی تھے۔ ۱۹۵۱ء میں علماء نے اسلامی ریاست کے جو ۲۲ اصول مرتب کیئے اس میں اگر مولانا سید سلیمان ندوی، مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی، مفتی شفیع، یہ سارے جید علماء موجود تھے تو وہیں جناب کفایت اللہ صاحب اور جعفر رضا مجتہد بھی موجود تھے، سب نے مل کر کام کیا ہے۔ اسلامی نظریاتی کونسل میں بھی اس طرح ہم نے ساتھ مل کر کام کیا ہے۔ اختلافات اپنی جگہ ہیں لیکن اختلافات کے ساتھ ساتھ مل کر رہنا مل کر کام کرنا اور یہ سمجھنا کہ کہاں ہم کسی ایک بات پر متفق ہو سکتے ہیں اور کہاں ہم اختلاف کرتے ہیں، یہی مہذب معاشرے کے زندہ رہنے اور ترقی کرنے کا راستہ ہوتا ہے لیکن اس کے برعکس ہم یہ دیکھتے ہیں کہ اس وقت ایک ایسی فضا پیدا کی جا رہی کہ شیعہ سنی میں تصادم ہو اسلامائزیشن کو روکنے کے لیے۔ افغانستان میں جہاد ہے اور اس جہاد میں سب شریک ہیں لیکن اس حساس علاقے میں اس نازک موقع کے اوپر اس نوعیت کی چیزیں کی جاتی

ہیں کہ جن سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ ملک کے کچھ عناصر یا غالباً ملک کے باہر کے عناصر اور اندر کے لوگ اس کا آلۂ کار بن رہے ہیں۔

یہ فی الحقیقت ایک بڑی ہی خطرناک صورتحال ہے اور اسی لئے میں ضروری سمجھتا ہوں کہ اس پر بحث ہو، حقائق کو جانا جائے، ہم اختلافات کے ساتھ جینا چاہتے ہیں اس ملک میں رہنا چاہتے ہیں اور جہاں کہیں فضا کو بگاڑنے کا کام کیا جارہا ہے، جو بھی حالات کو بگاڑنا چاہتا ہے خواہ وہ پشاور میں بگاڑ رہا ہو یا کراچی میں بگاڑ رہا ہو یا پارہ چنار میں بگاڑ رہا ہو یہ اس قوم کا فرض ہے، اس ایوان کا فرض ہے، یہ اس حکومت کا فرض ہے کہ وہ اپنی ذمہ داری ادا کرے، آپ کی ۸، ۸ انٹیلی جنس ایجنسیز کام کر رہی ہیں آخر ہم لوگوں کو سیاسی شیڈو کرنے کی بجائے ان لوگوں کا پیچھا کیوں نہیں کرتے جو فی الحقیقت اس ملک کی بنیادوں کو منہدم کرنا چاہتے ہیں... جو نظریاتی خلفشار پیدا کرنا چاہتے ہیں جو بھائی کو بھائی سے لڑانا چاہتے ہیں خواہ وہ شیعہ سنی کی بنیاد پر ہو۔ خواہ وہ سندھی و مہاجر کی بنیاد پر ہو خواہ وہ مہاجر پنجابی پٹھان کی بنیاد پر ہو یہ وہ تمام خطرات ہیں جن میں ملک اس وقت گھرا ہوا ہے۔ اگر ان مسائل پر آپ بحث نہیں کرینگے اور ان کے بارے میں کوئی ایسی حکمت عملی تیار نہیں کرینگے جس میں ایک طرف دلوں کو جوڑا جائے، باہم اعتماد پیدا کیا جائے، محبت پیدا کی جائے اور دوسری طرف حکومت کی جو مشینری ہے وہ بروقت حرکت میں آئے۔ عجیب ستم ظریفی ہے کہ ایک طرف لوگوں کا خون بہہ رہا ہے۔ دوسری طرف ہم آج تک اس میں سے کسی اہم سازش کے مجرموں کو پکڑ نہیں سکتے۔ سزا نہیں دلا سکتے، جس کا دل چاہتا ہے آتا ہے۔ سروں کو تن سے جدا کر دیتا ہے، ہمیں معلوم نہیں ہوتا۔ آگ لگا جاتے ہیں خون بہہ جاتا ہے۔ کالج بند ہو جاتے ہیں یونیورسٹیاں بند ہو جاتی ہیں۔ علاقے کے علاقے تباہ ہو جاتے ہیں لیکن ہم مجرموں کو نہیں پکڑ پاتے ہیں۔ آخر اس کی کیا وجہ ہے۔ کیا ہمیں حق نہیں ہے کہ ہم ان باتوں کا جائزہ لیں اور اگر آپ ان باتوں کا جائزہ نہیں لینگے اور اس بگاڑ کو قابو میں کرنے کی کوشش نہیں کرینگے تو کیا ہم یہاں صرف ٹیکنیکل بحثیں کرنے کے لئے رہ گئے ہیں۔

جناب والا! میں پورے دکھ کے ساتھ پوری دل سوزی کے ساتھ اور پورے احساس ذمہ داری کے ساتھ یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ خواہ آپ خالص فنی بنیادوں کے اوپر لیں خواہ آپ ملک کے سیاسی اور حساس پہلو کے پیش نظر اس پر غور کریں یہ

[Prof. Khurshid Ahmed]

بڑا ہی اہم قومی مسئلہ ہے، اس کے اوپر ہمیں گفتگو کرنی چاہیئے اور حکومت کو بھی اس میں فنی سہارے ڈھونڈنے کی بجائے جرات سے اس کا مقابلہ کرنا چاہیئے جہاں وہ ناکام ہو ہو اسی کا اعتراف کرے اور اس ناکامی کی جو ایجنسیز ذمہ دار ہیں ان پر گرفت کرے، ان کو قابو میں کرے اور کوشش کرے کہ یہ بگاڑ رکے اور آئندہ فتنے وقت سے پہلے روکے جا سکیں تاکہ ہم پچھتیں پاٹ لیں باد بلاں سے پہلے ۔ یہ ہونا چاہیئے ہمارا رویہ ۔ شکریہ !

جناب قائم مقام چیرمین : شکریہ ! جناب نسیم آہیر صاحب۔

ملک نسیم احمد آہیر : میں جناب پروفیسر خورشید صاحب اور جناب طارق چوہدری صاحب کا انتہائی ممنون ہوں، انہوں نے ایک انتہائی اہم مسئلہ کی طرف اس ایوان کی بلکہ قوم کی توجہ مبذول کرائی ہے ۔ میں اس بات کا انتہائی دکھ اور درد کے ساتھ اقرار کرتا ہوں کہ ہمارے ملک کے اندر فرقہ واریت کا زہر بری طرح پھیل رہا ہے اور یہ بات جانتے ہوئے بھی کہ اس میں تمام فرقوں کے رہنما اس چیز کو بالکل نہیں چاہتے لیکن چند غیر ذمہ دار لوگ اور ہمارے ملک کے دشمن چھپ کر اس مسئلے کو ہوا دیکر آگ وخون کے سمندر میں لوگوں کو دھکیل دیتے ہیں۔ یہ واقعہ جس کا ذکر یہاں ہوا ہے یہ ہنگو، پاراچنار اور کرم ایجنسی میں ہوا، اس سے پہلے ناردرن ایریا میں یہ ڈرامہ کھیلا گیا اور ایک فرقہ دوسرے پر الزام دے رہا ہے کہ یہ اس کی وجہ سے فسادات ہوئے ۔ میں آج آپ کی خدمت میں ان شیعہ تنظیموں کی طرف سے جن پر یہ الزام لگایا گیا تھا کہ انہوں نے ہمارے شہید صدر جنرل ضیاء الحق کی وفات پر جشن منانے کی کوشش کی ان کا نقطہ نظر آپ کو پڑھ کر سنانا چاہتا ہوں ۔ وہ ذاتی طور پر مجھے ملے اور جن جذبات کا انہوں نے اظہار کیا اور تحریراً جو بیان انہوں نے میرے حوالے کیا وہ میں آپ کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں۔ اس سے آپ کو خود اندازہ ہو جائے گا کہ وہ کونسی قوتیں ہیں جو پاکستان کو destabalize کرنا چاہتی ہیں، وہ کونسے ہمارے دشمن ہیں جو پاکستان کے اندر اس قسم کے حالات پیدا کرنا چاہتے ہیں کہ بھائی جو ہے وہ بھائی کا گلا کاٹے۔

جناب پروفیسر صاحب نے بالکل بجا طور پر فرمایا کہ ہمارے ملک کو عرصہ دراز سے ایک سازش کے تحت destabalize کرنے کی کوشش کی جارہی ہے اور جس کی ایک بڑی وجہ ہماری افغانستان پالیسی ہے جو ہم نے اصولوں کے تحت قائم کی تھی اور جس کا تمام کریڈٹ ہمارے شہید صدر جناب ضیاء الحق صاحب کو جاتا ہے، انہوں نے اصولوں کی بنیاد پر افغانستان پر سٹینڈ لیا، اس جہاد کی حمایت کی۔ ہمارا سٹینڈ تھا کیا؟ ہم یہ نہیں چاہتے تھے کہ افغانستان میں ہماری یا ہماری مرضی کی حکومت قائم کی جائے بلکہ ہم کسی ملک کو یہ حق دینے کو تیار نہیں تھے کہ کوئی طاقت کے بل بوتے پر کسی چھوٹے ملک میں داخل ہوکر اپنی فوجی قوت کے بل بوتے پر وہاں اپنی حکومت قائم کرلے، اس کی سزا آج تک ہمیں دی جارہی ہے اور لگاتار یہ سلسلہ جاری ہے۔ یہ عاشورہ سے پہلے ۲۱ اگست کی بات ہے جب میرے پاس کرم ایجنسی سے تحریک نفاذ فقہ جعفریہ کے لوگ آئے، انہوں نے یہ بات مجھے لکھ کر دی کہ دنیائے کفر نے امت مسلمہ کے خلاف اپنی معمول کی دشمنی اور سازشوں کو تیز کرتے ہوئے ۱۵ اگست کو اتحاد بین المسلمین کے علمبردار اور امت مسلمہ کے مجاہد علامہ سید عارف الحسینی کو شہید کردیا تاکہ مسلمانان پاکستان کے جذبات کو اشتعال دلاکر انہیں آپس میں دست و گریباں کرکے پاکستان اور امت مسلمہ کو کمزور بنایا جائے مگر شیعان قوم دشمنان اسلام کی اس سازش سے باخبر تھے اور انہوں نے اپنے جذبات کو قابو میں رکھ کر دشمنوں کی اس سازش کو ناکام بنادیا۔ دشمنان ملک وملت نے مایوس ہو کر دوسرا وار کیا، اس بار وہ ہمارے سنی بھائیوں کے جذبات کو مشتعل کرنے میں کامیاب ہوگئے اور ایک بھائی کو دوسرے بھائی کے خون میں ہاتھ رنگنے پر آمادہ کرلیا۔ جناب عالی گزشتہ ایام میں چند شرپسند بیرونی ایجنٹوں نے صدر پاکستان کی موت کے موقع پر ہوائی فائرنگ کی اور پھر خود ہی جاکر سنی بھائیوں کو اپنے جھوٹے پراپیگنڈے کے ذریعے یہ باور کرانے میں کامیاب ہوگئے کہ یہ فعل قبیح اہل تشیع کی جانب سے انجام پایا ہے حالانکہ محرم الحرام کے مقدس اور غمناک مہینے میں خوشی منانا یا فائرنگ کرنا تو درکنار اس کا تصور کرنا بھی شیعان اور عزاداران حسین کے ہاں سید الشہداء کی قربانی سے انکار کرنے اور ان کے مشن سے بغاوت کرنے کے مترادف ہے اور جہاں

[Malik Naseem Ahmed Aheer]

تک اس بات کا تعلق ہے ہم اپنے صدر شہید جناب محمد ضیاء الحق کی شہادت کو بھی اسی کڑی کا حصہ سمجھتے ہیں جس کے تحت پہلے علامہ عارف الحسینی کو شہید کر دیا گیا تھا۔ مجھے ۵ ستمبر ۱۹۸۸ء کو انجمن حسینیہ پارا چنار اور کرم ایجنسی کے لوگ ملے اور ان کے جو چند تاثرات ہیں وہ میں آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں۔ ہم سب کو اس بات کا شدت سے احساس ہے کہ مملکت پاکستان اس وقت نازک ترین دور سے گزر رہا ہے۔ ملکی سرحدیں خصوصاً قبائلی علاقوں کی صورت حال ایسی ہے کہ وہاں خصوصی توجہ کی ضرورت ہے۔ ملک کے اندر رونما ہونے والے بعض واقعات کرم ایجنسی، اورک زئی ایجنسی اور تحصیل ہنگو کے حالیہ واقعات نے سب کو تشویش میں مبتلا کر دیا ہے۔ اس سے قبل بھی ہم دیگر ذریعے سے اپنی آواز آپ تک پہنچا چکے ہیں۔ اس کے باوجود بہت سی حل طلب باتیں ہیں جن کے لیئے آپ اور دوسرے ذمہ دار افراد کی خصوصی توجہ کی ضرورت ہے۔ ہمیں اس بات کا زیادہ دکھ ہے ہمارے ہاں اٹھنے والے ہر تنازعے کو ایک سوچے سمجھے منصوبے کے تحت شیعہ سنی کا رنگ دے دیا جاتا ہے حالانکہ ہر واقعہ میں ایک منظم پروگرام کے تحت کچھ لوگ کام کرتے ہیں جو وحدت امت کو پارہ پارہ کرتے ہیں۔

گزشتہ واقعات اور موجودہ واقعات کا جائزہ لے کر بعض بعض اہم باتوں کی نشاندہی کرنا ہم اپنا قومی فرض سمجھتے ہیں۔ علامہ سید عارف الحسینی قائد ملت اسلامیہ شہید کی شہادت پوری قوم کے لیئے المیہ ہے۔ آپ نے خود ذاتی طور پر اس کیس میں دلچسپی لی اور اس سفاکانہ قتل میں بیرونی ہاتھ کس حد تک ملوث ہے۔ ابھی تک نہ تو تحقیق اس خاص نتیجے پر پہنچی ہے اور نہ ہی ان بیرونی ہاتھوں کو بے نقاب کیا گیا ہے۔ یہاں میں آپ کی خدمت میں یہ بھی عرض کروں علامہ عارف الحسینی کی شہادت کے سلسلے میں کافی مثبت پیش رفت ہوئی ہے جس کے لیئے میں انشاء اللہ جلد ہی ایوان کو اعتماد میں لوں گا۔ وہ قائد ملت اسلامیہ کے ساتھ ساتھ ہمارے علاقے کے معزز شہری اور عالم بھی تھے اور ہمیں اس بات پر سب سے زیادہ تشویش ہے کہ ملت اسلامیہ کے اضطراب کو دور کرنے کے لیئے جلد از جلد اس کیس کے پس پردہ مجرموں کو بے نقاب کیا جائے۔ پارہ چنار میں، حال ہی میں جو واقعات رونما ہوئے ہیں،

جو لوگ ان واقعات میں اصل مجرم ہیں، وہی لوگ مختلف قسم کی بیان بازیوں کے ذریعہ صورت حال کو مزید خراب کر رہے ہیں۔ ایک منصوبہ کے تحت ان واقعات کو شیعہ سنی فساد کا رنگ دیا جا رہا ہے حالانکہ صدر مملکت کی اندوہ ناک وفات پر سب نے سوگ منایا۔ تعزیتی جلسے کیے۔ جن لوگوں نے فائرنگ کی ہے ان کی مثال ایسی ہے جیسے ہر علاقے میں تخریب کار یا سیاسی مفادات رکھنے والے لوگ ہوتے ہیں جو ایسے مواقع کو تخریبی اور بعض سیاسی مفادات کے لیئے استعمال کرتے ہیں۔ جناب والا! میں یہ بات آپ کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ تخریب کار نہ تو شیعہ ہے اور نہ سنی، بلکہ تخریب کار سرے سے اسلام پر اعتقاد ہی نہیں رکھتا۔ چند افراد کی فائرنگ کو شیعوں پر ڈالنا، یقیناً سازش ہے اور فرقہ واریت کو ہوا دینے والی ان تنظیموں کی سازش ہے جو مختلف ناموں سے وہاں تعصبات کو ہوا دے رہی ہیں، شیعوں کے خلاف منظم پراپیگنڈہ کر رہے ہیں۔ میں نے اس سلسلے میں ان حضرات کی بات آپ تک پہنچائی جو شیعہ حضرات کے مستند نمائندے ہیں۔

جناب والا! مجھے پروفیسر خورشید احمد صاحب کی اس بات سے پورا اتفاق ہے کہ یہ ایک ایسا معاملہ ہے جو ہماری قوم اور ہم سب کے لیئے انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ اس سے پہلے کرم ایجنسی میں، فسادات ہوئے، فاردرن ایریا میں ہوئے۔ مجھے خدا کا شکر ادا کرنا ہے اور علماء حضرات کا میں تہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں۔ تمام فرقوں کے جو علماء تھے، جنہوں نے ہمارے ساتھ محرم کے دوران انتہائی تعاون کیا اور اس دفعہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے محرم الحرام بغیر کسی افسوس ناک واقعہ کے آرام سے گزر گیا۔ مجھے اس بات کا بھی اعتراف ہے کہ بہت سی جگہوں پر ہماری جو انتظامی مشینری ہے، وہ وقت پر قدم نہیں اٹھاتی ہے۔ میں یہ کہتے ہوئے قطعاً کوئی ہچکچاہٹ محسوس نہیں کرتا اگر کرم ایجنسی میں بروقت قدم اٹھائے گئے ہوتے تو اتنی جانوں کا ضیاع نہ ہوتا۔ اس سلسلے میں ہم نے اقدامات اٹھائے ہیں اور وہاں سے ہم نے تمام انتظامیہ کو تبدیل کر دیا ہے اور یہاں بھی مجھے احساس ہے کہ اگر بروقت انتظامیہ قدم اٹھا لیتی تو شاید اس قسم کے جانی نقصان سے ہم بچ سکتے اور ایسے عناصر جو اس قسم کی تخریب کاری میں ملوث ہیں ان کو ہم پکڑ کر اگر بروقت سزا دے سکیں، یا حفاظتی

[Malik Naseem Ahmed Aheer]

تدابیر کے تحت ان کے خلاف کوئی کارروائی کر سکیں تو میرا خیال ہے کہ اس قسم کے واقعات کا سدباب کیا جا سکتا ہے۔

میں جناب پروفیسر خورشید صاحب اور اپنے دیگر ممبران کے ان جذبات کا احترام کرتے ہوئے .... (مداخلت)

جناب قائم مقام چیئرمین : طارق چوہدری صاحب۔

ملک نسیم احمد آہیر : طارق چوہدری کا اور باقی معزز ممبران کا احترام کرتے ہوئے اور قوم و ملک کے اس مسئلہ کو سامنے رکھتے ہوئے میں یہ چاہوں گا کہ اس پر بحث ہو، میں کسی ٹیکنیکل مسئلے کا سہارا لینا نہیں چاہتا۔ میں یہ نہیں کہوں گا کہ یہ صوبائی معاملہ ہے اس لئے اس کو چھوڑ دیا جائے۔ یہ صوبائی معاملہ نہیں ہے بلکہ یہ قومی معاملہ ہے اور اس کا صرف اس ایوان سے نہیں بلکہ تمام قوم اور ملک سے تعلق ہے۔ میں یہ چاہوں گا کہ یہاں جو اچھے اچھے ذہن ہیں، جو درد مند دل ہیں، جو پاکستانی ہیں، جو سچے مسلمان ہیں، وہ اس مسئلہ کو حل کرنے کے لیے اپنی مثبت تجاویز دیں اور میں حکومت کی طرف سے اس بات کا خیر مقدم کرتا ہوں کہ ایسے واقعات جو شیعہ سنی واقعات ہیں، صرف شیعہ سنی ہی نہیں بلکہ اس ملک میں جو بھی گروہی اور لسانی واقعات ہو رہے ہیں، ان کو اگر زیر بحث لایا جائے تو میں اس کا خیر مقدم کروں گا۔ شکریہ!

**Mr. Acting Chairman:** The motion is adopted.

یہ موشن ایڈمٹ تو ہو گئی ہے، اب آپ وقت مقرر کریں۔

**Mr. Ahmedmian Soomro :** First you should put it to the House Sir.

**Mr. Acting Chairman:** I think non-body is opposing it.

**Mr. Ahmedmian Soomro :** No, Sir, all of us agree but that is the procedure.

پروفیسر خورشید احمد : میں آپ کی وساطت سے جناب وزیر داخلہ صاحب کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے اس سے پہلے بھی ایوان سے تعاون کیا ہے اور اب بھی ان کا رویہ بڑا مثبت رہا ہے جس کے لئے ہم محسوس کرتے ہیں کہ اگر یہی رویہ اور وزراء کا بھی ہو تو شاید اس ایوان کو اپنا رول ادا کرنے میں زیادہ سہولت ملے۔ شکریہ!

جناب محمد طارق چوہدری : میں جناب پروفیسر صاحب کی تائید کرتا ہوں ۔

جناب قائم مقام چیئرمین : میں اس کو ایڈمٹ کرتا ہوں ۔ وقت کا بعد میں فیصلہ کریں گے ۔ شکریہ ! جناب وسیم سجاد ، آئیٹم نمبر ۳ ۔

## THE FEDERAL EMPLOYEES BENEVOLENT FUND AND GROUP INSURANCE ORD. 1988—LAID

**Mr. Wasim Sajjad:** Sir, with your permission I beg to lay before the Senate the Federal Employees Benevolent Fund and Group Insurance (Amendment) Ordinance, 1988 (VI of 1988), as required by Clause (2) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, 1973.

**Lt. Gen. (Retd.) Jamal Said Mian:** Point of order. Mr. Chairman, Sir, we have a very long outstanding adjournment motion which is to be discussed today and that has not been taken up.

**Mr. Acting Chairman:** Item No. 7, the last item, we are coming to that and *Inshallah* we will be able to take it:

Ordinance is laid on the table of the House.

اب ایجنڈے پر جو آخری آئیٹم ہے اس کے بارے میں جنرل صاحب نے درخواست کی ہے کہ اسے لے لیا جائے ۔ اگر ہاؤس کی رائے ہو تو اس کو لے لیتے ہیں چونکہ ۱۵ اگست ۱۹۸۸ء کو پہلے ہی move ہو چکی ہے ۔

ٹھیک ہے ۔ لے لیتے ہیں ۔

**Mr. Ahmedmian Soomro :** Point of order. Sir, if you are talking about the delimitation of Constituencies Ordinance, it has been the tradition in this House that whenever any Act or anything is amended the original one must also be supplied to us to know what amendments they are bringing about.

**Mr. Acting Chairman:** Right, I will ask the Secretariat to supply this.

**Mr. Wasim Sajjad:** When the matter is brought up as a Bill for discussion at that time we will provide the original text to the honourable members. At this time we are only laying it before the House under Article 89 of the Constitution.

**Mr. Ahmedmian Soomro :** No, I am talking of the last item.

**Mr. Acting Chairman:** Last item Sir, we are taking the last item of the agenda.

پروفیسر خورشید احمد : میں وزیر عدل کی اس بات سے اتفاق کرتا ہوں کہ اس وقت وہ صرف اس آرڈیننس کو lay کر رہے ہیں لیکن ماضی میں ہمارا تجربہ یہ رہا ہے کہ ہمیں اس کے ٹیکسٹ کو پڑھنے کا بڑا کم وقت ملتا ہے، اگر وہ اتنا اہتمام کر لیں کہ جب آرڈیننس لایا کریں تو اس وقت ہمیں اصل لاء بھی دے دیا کریں تو ہمیں موقع مل جایا کرے گا کہ ہم اس کی تیاری کر سکیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین : وسیم سجاد صاحب، پروفیسر صاحب فرما رہے ہیں کہ آئندہ اگر کچھ وقت پہلے آرڈیننس کی کاپی مل جایا کرے تو وہ کچھ تیاری کر سکیں گے۔

**Mr. Wasim Sajjad:** Sir, it is the Secretariat of the Senate which provides all the documents which are required by the members but today there is no item on which we have to supply any document. Because item 7 to which reference has been made....

**Mr. Acting Chairman:** No, Sir, he is talking about the Ordinance that you have laid just now.

جناب وسیم سجاد : وہ تو جناب lay کیا ہے۔ ابھی تو ہم اسے بل کی شکل میں لائے ہی نہیں ہیں۔ وہ جو lay کیا ہے وہ ہم نے دے دیا ہے۔ lay کا مطلب ہوتا ہے کہ جو کاغذ ہم lay کرتے ہیں، ان کو دے دیتے ہیں۔ جس وقت اس کو بل کی شکل میں لائیں گے، اس وقت ممبران کو جو بھی اوریجنل کاپی ہوگی فراہم کریں گے۔

جناب قائم مقام چیئرمین : ٹھیک ہے، شکریہ۔

پروفیسر خورشید احمد : میں ٹیکنیکل بات نہیں کرنا چاہتا تھا، میں نے تو بالکل دوسرے انداز میں بات کی تھی لیکن اگر آپ ٹیکنیکل بات کر رہے ہیں تو lay کرنے کے ساتھ ساتھ ہمیں اس کو reject کرنے کا اختیار ہے۔

جناب وسیم سجاد : بالکل ہے۔

پروفیسر خورشید احمد : بل آپ لا نہیں سکتے، اس لئے کہ دونوں ایوان موجود نہیں ہیں، بل آپ لائیں گے نہیں تو چونکہ ہمیں اس بات کا اختیار ہے کہ بل لائے بغیر بھی reject کر سکتے ہیں تو اس لئے ضروری ہے کہ جس اصل قانون میں آپ ترمیم کر رہے ہیں وہ ساتھ لائیں۔ ہم صرف اتنا مطالبہ کر رہے ہیں کہ جب آرڈیننس lay کیا کریں یا بل introduce کیا کریں یعنی جو شکل بھی ہو، کوشش کریں کہ اس کے ساتھ ہی اس اصل ایکٹ یا آرڈیننس، جسے amend کیا جا رہا ہے، اس کی کاپی ہمیں مل جائے۔ صرف اتنی سی بات ہے۔

جناب وسیم سجاد : جناب والا! میرے خیال میں پروفیسر صاحب کا موقف صحیح ہے، جس سیکشن میں amendment ہو رہی ہے غالباً اگر وہ اوریجنل سیکشن دے دی جائے تو بہتر ہے۔ سارا آرڈیننس دینا تو مشکل ہوگا لیکن وہ ہم دے دیں گے۔

جناب قائم مقام چیئرمین : جی شکریہ! مستقبل میں اس بات کا خیال رکھا جائے گا۔ جناب جنرل صاحب۔

## DISCUSSION ON ADJOURNMENT MOTION *RE:* REDUCTION OF N.A. SEATS FOR FATA

لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) جمال سید میاں : بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ جناب چیئرمین! آپ نے بڑی ہمدردی سے ہماری یہ ایڈجرنمنٹ موشن ایڈمٹ کی تھی جسکی رُو سے New Delimitation Constituencies, 1988 کے تحت فاٹا کی آٹھ سیٹوں کو ختم کر کے صرف پانچ کر دیا گیا۔ مطلب یہ ہے کہ almost آدھی رہ گئیں اور یہ اس بنا پر کہ وہاں کی آبادی کم ہو گئی ہے۔ اس وجہ سے ان کی سیٹیں بھی کم کر دی گئی۔

جناب والا! تمام افغانستان کا بارڈر واخان سے لیکر گومل تک ہے۔ اگر سچ کہا جائے تو پاکستان کی جو پہلی ڈیفنس لائن ہے وہ فاٹا ہے۔ جغرافیائی لحاظ سے میرے خیال میں اتنا important area پاکستان میں اور کوئی نہیں ہے جتنا کہ فاٹا ہے۔ Politically بھی بڑا sensitive area ہے بالخصوص ان دنوں۔ جبکہ ہماری آبادی سے کچھ زیادہ ہمارے علاقے میں ہمارے افغان بھائی پھنسے ہوئے ہیں اور ان کو

مہمان رکھے ہوئے ۹ برس ہو گئے ہیں ۔ اس مہمان نوازی کی وجہ سے ہمیں بڑی قربانیاں دینی پڑی ہیں آپ دیکھیں تو کوئی دن ایسا نہیں ہوتا جب فاٹا کے اوپر بمباری نہ ہوئی ہو یا سڑکوں کے اوپر ٹریکٹر گزرنے سے، خفیہ بھی ہوئی mines کی وجہ سے دس پندرہ آدمی ہلاک نہ ہو جاتے ہوں یعنی قسم قسم کی قربانیاں بھی دینی پڑتی ہیں لیکن ہمیں پچھلے چالیس سال کے دوران اسی کے اوپر بہلایا جا رہا ہے کہ فاٹا کا special status ہے ۔ ہم ابھی تک سمجھ نہیں پائے کہ کون سی اس میں سپیشل چیز ہے ۔ ہمارے فاٹا کی سات ایجنسیاں ہیں یہ ابھی نہیں بنائی گئیں بلکہ جب سے ان علاقوں میں انگریز آئے تھے زمانے سے یہ ایجنسیاں موجود ہیں اس کو آپ سپیشل ایریاز کہیں یا جو بھی کہیں یہ سات ایجنسیاں ہیں۔ اسمبلی کی dissolution سے پہلے ہمارے آٹھ ایم این اے تھے اور اس ہاؤس میں ایوان کے تحت ہم آٹھ سینیٹرز ہیں، لیکن اس وقت ہم آٹھ نہیں ہیں بلکہ سات ہیں ۔ اسکی بھی وجہ میں آپ کو بعد میں بتا دونگا۔

۱۹۸۵ء میں جب الیکشن کا زمانہ آ رہا تھا تو ہم نے مرحوم صدر صاحب سے درخواست کی تھی کہ چونکہ ہمارا علاقہ بڑا غریب ہے اور اکثر دیکھا جائے تو ہر ایک ایجنسی میں دو بڑے طبقے رہتے ہیں یا دو گروپ یا دو قومیں رہتی ہیں۔ اگر یہ بھی آٹھ کر دیں تو ہر ایک ایجنسی کو ایک M.N.A. اور ایک سینیٹر مل جائے گا۔ اس سے یہ ہوگا کہ جو دو بڑے طبقے ہیں یہ بھی satisfy ہو جائیں گے اور ہماری کچھ تھوڑی سی representation بھی بڑھ جائے گی۔ مرحوم صدر پاکستان نے بڑی ہمدردی سے سنکر آٹھویں ترمیم کے ذریعے یہ آٹھ سیٹیں کر دیں ۔ اس ایوان میں ہم آٹھ سینیٹر آ گئے جن میں سے چار چلے گئے، اور پھر تین واپس آ گئے۔ ایک ابھی تک واپس نہیں آیا ہے ۔ جناب والا! ہماری صوبائی اسمبلی میں کوئی نمائندگی نہیں، ہمارے علاقے سے کوئی وومن سیٹ نہیں ہے ۔ ہمارے علاقے سے کوئی اقلیتی سیٹ نہیں ہے ۔ ہمارے علاقے سے کوئی ٹیکنوکریٹ کی سیٹ نہیں ہے، یہ آٹھ ہیں جو وہاں کی نمائندگی کرتے ہیں ۔ پچھلے دور میں ایم این اے اور سینیٹرز کو ترقیاتی فنڈز مل گئے۔ یہ ایک fashionable بات ہے کہ جو چیز کسی کو پسند نہ ہو اس میں کئی نقائص نکال لیتے ہیں کہ یہ اچھا نہیں تھا، وہ اچھا نہیں تھا ۔ لیکن جہاں تک فاٹا کا تعلق

ہے ہم بڑی خوشی سے یہ کہہ سکتے ہیں کہ کم از کم جب یہ ہماری نمائندگی ہوگئی تو ہماری ایجنسیوں میں بھی تھوڑی سی development ہوگئی۔ آج آپ دیکھ سکتے ہیں کہ وہاں پر ترقیاتی کام ہوئے ہیں through elected representatives جو آپ وہاں پہ development کے لئے پیسے دیتے ہیں وہ بیوروکریٹس کے through دیتے ہیں۔ وہاں ہمارا کوئی ادارہ نہیں ہے جس کا روپے پیسے کے اوپر کنٹرول ہو۔ وہاں ہر ایک چیز پولیٹکل ایجنٹ، کمشنر اور ہوم سیکریٹری کے توسط سے ہوتی ہے اور گورنر صاحب اسکے اوپر دستخط کردیتا ہے۔ اگر پوچھا بھی جاتا ہے تو کہتے ہیں کہ A.D.P ہم تیار کرتے ہیں اور خط کے ذریعے وہ ہم سے تجاویز طلب کرتے ہیں، کوئی میٹنگ نہیں ہوتی ہے۔ لیکن یہ جو پچاس لاکھ روپے ہم کو ملتے تھے جسکو ہم نے دیکھا نہیں ہے لیکن ترقیاتی سکیمز ہم نے دیکھی ہیں۔ ہمارے کہنے کے اوپر وہاں پہ سکولز کھلے ہیں اور بہت کچھ ہوا ہے۔ اب نمائندگی کم کرکے ایک ممبر رہ گیا تو ہم کسی چیز کو آگے نہیں بڑھا سکیں گے اور اگر پھر اس قسم کا نظام چالو ہو گیا تو نہ ہم پیسے لگا سکیں گے نہ کچھ اور کر سکیں گے۔

Mode of Election ہمارے علاقے میں ایسے ہے کہ جن لوگوں کو فاٹا کا کوئی خاص علم نہ ہو تو وہ نہیں سمجھ پائے۔ ایک آزاد آدمی کی پہلی نشانی یہ ہے کہ وہ ووٹ دینے کا حق رکھتا ہے۔ ہمارے علاقے میں ووٹ دینے کا حق ہر آدمی کو نہیں ہے۔ صرف وہاں یہ محدود Franchise آپ ہیں جو ملک ہیں، جو جرگہ ہے ان کے through آپ وہاں الیکشن کراتے ہیں اور چونکہ وہ ملک حکومت کے نامزد ہوتے ہیں تو یہ ایسے indirect قسم کا الیکشن ہے کہ اس سے آپ کی آبادی کے بڑے ہونے یا چھوٹے ہونے سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔ ہمارے وہی ملک ہیں، وہی جرگہ ہے جو ووٹ دیتے ہیں۔ چاہے ہماری پاپولیشن پانچ لاکھ ہو جائے، چاہے ایک لاکھ ہو جائے۔ تو یہ تو ہمارا جرگہ سسٹم ہے۔ پھر ہم کرتے ہیں سلیکشن سینیٹ کے لئے، سینٹ کے جو الیکٹوریٹ ہیں وہ وہی آٹھ ایم این اے ہیں اور پھر آپ لوگوں نے یہ قانون بنایا جس کی رو سے ایک ایم این اے یا ایک ایم پی اے جو بھی ہو وہ یا تو کسی کا نام propose کر سکتا ہے یا اس کو سیکنڈ کر سکتا

دو چیزیں نہیں کر سکتا ہے۔ اگر چار سینیٹر ہر تیسرے سال چلے جائیں تو اس کے لئے کم از کم آٹھ چاہئیں تاکہ ایک propose کرے، ایک سیکنڈ کرے، آٹھ آدمی ہوں، چار آدمی propose اور چار سیکنڈ کر سکیں۔ ہمارا ایک سینیٹر ابھی تک نہیں ہے، وہ اس وجہ سے نہیں ہے کہ ایک ایم این اے نے دستخط نہیں کئے تو وہ الیکٹ ہی نہیں ہو سکا۔ اتنے میں وہ ایم این اے ہی ختم ہو گئے۔ ابھی وہ غریب انتظار میں بیٹھا ہے کہ کب اسمبلی آتی ہے اور میرا نام پھر پیش ہو۔ اگر پانچ ہو جائیں تو آپ مجھے بتائیں کہ چار آپ کیسے elect کریں گے اس کے لئے پھر آپ نے آئینی ترمیم کرنی ہے کہ ہمارا سسٹم بدل دیں اب یہ تو دشواریاں ہوں گی۔

پھر ہے پاپولیشن کی بات۔ میں حیران ہوں کہ تمام پاکستان کا جو rate of increase ہے وہ لگ بھگ تین فیصد ہے۔ میرے پاس یہ پاپولیشن کا چارٹ ہے جو ۵۱ء، ۶۱ء، ۷۲ء اور ۸۱ء کا ہے اور اس میں آپ دیکھیں گے ہر ایک صوبے میں ہر ایک ریجن میں یہی لگ بھگ کبھی ۲ء۶۷ ہے تو کبھی تین اعشاریہ کچھ ہے۔ لیکن یہاں تین فیصد پاپولیشن کا trend ہے سوائے بلوچستان کے جہاں پر ماشاءاللہ ۸ء۱ اور ۸ء۷ ہوا ہے ۶۱ سے ۷۲ء اور ۷۲ء سے ۸۱ء تک یہی تین فیصد چلا آرہا ہے لیکن پچھلی دفعہ جہاں تک فاٹا کا تعلق ہے وہ منفی ۱ء۵ ہو گیا۔ اس کے لئے یا تو ہمیں انٹرنیشنل ایوارڈ ملنا چاہئیے کہ ہم ان پڑھ لوگ اتنے population conscious ہیں کہ ہم نے پاپولیشن نہ بڑھنے دی۔ ہمارے حالات دیکھیں کہ جہاں پر ایک tribal man whose manpower is the main strength وہ دس شادیاں کرے گا کہ صرف اس کا male issue ہو جائے یا دو ہو جائیں یا دس ہو جائیں تاکہ اس کی strength بڑھ جائے۔ اس خاندان کی strength بڑھ جائے کیونکہ وہاں strength آدمیوں کی ہوتی ہے تو ہم اتنے conscious ہو گئے ہیں کہ ہم منفی ۱۱۵ پر آگئے۔ we have been so much affected by the United Nations اور ماشاءاللہ ہمارے لوگ with due apology to our lady colleagues, we tribal people are fairly virile people تو یہ بھی نہیں ہے کہ کچھ اس طرف سے کمی ہے۔ میں

یہ نہیں سمجھتا ہوں کہ کیا بات ہے کہ ۵۱ء سے ۶۱ء تک ہماری population increase was at the rate of 4.5 per annum اور ۶۱ء سے ۷۲ء تک ۳٫۱۶ تھی اور ۷۲ء سے پھر ۸۱ء تک شرح منفی ۱٫۲۵ آگئی۔ آج میں نیشنل ہیلتھ لیبارٹری میں گیا تھا وہاں ایک چارٹ میں نے دیکھا اور وہاں پر بچوں اور ماؤں کی immunization کا چارٹ دیکھا تو اس میں فرنٹیئر جس میں فاٹا بھی شامل ہے ان کا باقی صوبوں سے بہت زیادہ تھا۔ مطلب یہ ہے کہ۔ we are also conscious of practicing measures to check children mortality and we کہ mortality rate جو ہے ہمارا تھوڑا سا باقیوں سے ماشاءاللہ کم ہے are preserving life تو اس کے باوجود اگر ہم اتنے کم ہو گئے تو کسی نے سوال نہیں اٹھایا کہ بھئی یہ کیسے census آپ نے کی۔ ٹرائبل ایریا میں دو خطے ہوتے ہیں۔ ایک اے ایریا۔ آپ بلوچستان کے رہنے والے ہیں آپ اس چیز کو اچھی طرح جانتے ہیں۔ اے ایریا جس کو بعض لوگ proteced area کہتے ہیں۔ ایک ہے بی ایریا جس کو کہتے ہیں unprotected area اور زیادہ تر ہمارے فاٹا میں بی ایریاز ہیں۔ جہاں پر آپ کے کمشنرز بھی نہیں جاتے ہیں۔ باہر سے ایڈمنسٹر کرتے ہیں۔ میں یہ نہیں سمجھتا ہوں کہ آپ کے مردم شماری والے آدمی کیسے وہاں چلے گئے کیونکہ مجھے ایک مردم شماری والے نے کہا تھا کہ ۷۲ء تک تو ہم صرف پولیٹیکل ایجنٹ اور ملکوں سے پوچھتے تھے اور اس کے بعد ہم نے اپنے لوگوں کو اندر بھیج دیا اور انہوں نے بڑے systematically یہ کام کر دیا۔ میں یہ نہیں سمجھتا ہوں کہ وہاں پر پولیٹیکل ایجنٹ نہیں جاسکتا۔ وہاں پر آپ کا اے پی اے نہیں جاسکتا۔ وہاں آپ کا تحصیل دار نہیں جاسکتا ہے۔ تو آپ کے یہ مردم شماری والے لوگ کیسے پہنچ گئے۔ دوسری بات یہ ہے کہ اگر وہاں تک پہنچ بھی گئے۔ تو وہاں مردم شماری انہوں نے کیسے کی۔ ہر ایک عورت ہر ایک بچے سے پوچھ لیا کہ تم کس کے لڑکے ہو، کیا ہو۔ نہیں! انہی ملکوں سے پھر بھی پوچھا ہوگا۔ کیونکہ ہمارے ہاں جب لوگ آتے ہیں حجرے میں آتے ہیں، وہیں پر بس سب بحث وغیرہ ہوتی ہے، مجلس ہوتی ہے۔ گھروں میں نہیں جاتے تو اس لئے میں کہتا ہوں کہ انہوں نے یہ ایسے estimate دیا ہے کہ چلو پچھلی طرح estimate کریں کہ پچھلے ہمارے ۲۴ لاکھ ۹۱ ہزار تھے، اس دفعہ ۲۱ لاکھ

[Lt. Gen. (Retd.) Jamal Said Mian]

کر لیتے ہیں۔ بس لگ بھگ اتنا ہی ہے۔ یہ بھول گئے تھے کہ باقی پاکستان تو آگے بڑھ گیا ہم وہیں پر رہ گئے۔

جناب والا! ان سب چیزوں کو دیکھ کر ہم یہ کہتے ہیں کہ ہمارے لیئے صوبائی سیٹ بھی نہیں ہے۔ جب ہماری اور جگہ پر نمائندگی بھی نہیں ہے، جب ہماری اقلیتوں کو بھی آپ سیٹ نہیں دیتے ہیں، جب ہمارے سینیٹر بھی بیکار ہوجائیں گے کیونکہ ان کو منتخب کرنے کے لیئے لوگ بھی نہیں ہوں گے تو آپ کیوں نہ۔ جیسے ہمارے مرحوم صدر نے ایک مرتبہ میرے خیال میں کہیں ذکر کیا تھا کہ انشاءاللہ ہم فاٹا میں at war footing دوبارہ مردم شماری کرائیں گے تاکہ الیکشن سے پہلے ان کی صحیح تعداد معلوم ہوجائے اور اس کے مطابق نمائندگی کریں گے اور گورنمنٹ کے بڑے ذمہ دار لوگوں نے بھی دعویٰ کیا تھا کہ ہماری سیٹیں آٹھ کی آٹھ رہیں گی، ہماری التجا ہے کہ فاٹا پر رحم کھاتے ہوئے ہماری سیٹیں بحال کریں اور ہمیں ٹکڑے ٹکڑے نہ کریں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: شکریہ! طارق چوہدری صاحب۔

جناب محمد طارق چوہدری: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب جمال سعید میاں صاحب نے بڑی تفصیل کے ساتھ اس مسئلے پر روشنی ڈالی ہے اور ظاہر ہے کہ وہ خود اس علاقے کے رہنے والے ہیں۔ اپنے مسائل اور اپنے معاملات کو مجھ سے زیادہ بہتر طور پر سمجھتے ہیں۔ ان کی باتوں کے بعد میں کوئی زیادہ اضافہ تو نہیں کر سکتا لیکن مختصراً یہ عرض کروں گا کہ فاٹا کا علاقہ، جس کی سیٹیں آٹھ سے کم کر کے پانچ کر دی گئی ہیں اور جمال صاحب نے بجا فرمایا کہ وہ اتنا دشوار گزار، پہاڑی علاقہ ہے کہ وہاں پر خود قبائلی سردار، وہاں کے حکام بجائے خود وہاں سفر نہیں کر سکتے ہیں، آسانی سے نہیں پہنچ سکتے ہیں تو یہ جو کلرک بادشاہ تھے کس طرح اتنے دور دراز علاقوں میں محض چند سکوں کے لیئے چلے گئے ہونگے اور انہوں نے مردم شماری کی ہوگی۔ اور پھر یہ کہ وہاں کا جو انتخابی حلقہ ہے وہ بجائے خود عام آدمی منتخب نہیں کرتا ہے اپنے ممبر کو بلکہ کچھ لنگی ہولڈر یا ملک ہیں جو اپنے ممبر کو منتخب کرتے ہیں اور اس پورے عرصہ میں ان لنگی ہولڈرز کی تعداد جو ہے وہ پہلے کے مقابلے میں کہیں زیادہ ہوگئی ہے اور جب ان کی تعداد جو ان کو منتخب کرنے والے ہیں زیادہ ہوگئی ہے اور جو منتخب ہونے والے ہیں ان کی تعداد کم ہوگئی

ہے اور اس کے ساتھ ہی ایک مضحکہ خیز صورت حال یہ بھی ہے کہ سینیٹ جو اس کے مقابلے میں اپر ہاؤس ہے اس کو تو آٹھ سیٹیں ملی ہوئی ہیں لیکن آٹھ سیٹوں کو منتخب کرنے کے لیے پانچ ممبر ہیں۔ اس طرح ایک بڑی مضحکہ خیز صورت حال پیدا ہوئی ہے اور پہلے بھی جو آٹھ سیٹیں دی گئی ہیں فاٹا کو وہ کوئی آبادی کی بنیاد پر نہیں دی گئیں۔ وہ بھی ایک طرح کا تالیف قلب ہے کہ وہ نہ ہمارے قانون میں آتے ہیں اور ہماری زد میں نہیں ہیں بلکہ وہ ایک طرح کا آزاد علاقہ ہے اور صوبہ سرحد میں بھی ان کی کوئی نمائندگی نہیں ہے۔ ان کی ایک ہی نمائندگی اور وہ مرکز میں ہے۔ لہٰذا صرف ایک جگہ ان کو نمائندگی دی جاتی ہے اور وہ ہے مرکز۔ صوبوں میں ان کی نمائندگی نہیں ہے۔ نمائندگی سنگل ہے لیکن اس پر بھی وہی قانون لاگو کیا جا رہا ہے جو دوسرے علاقوں کے لیے ہے جن کو دوہری نمائندگی کا حق حاصل ہے۔ تو اس طرح یہ کوئی صحیح طریقہ نہیں ہے۔ ان کو پہلے آٹھ سیٹیں دی گئی تھیں اور اس طرح سیٹیں آٹھ ہی رہنی چاہیئیں۔

دوسری بات یہ کہ ابھی تک فاٹا کے لوگ بہت پرانے دور میں بستے ہیں۔ وہاں حکومت پاکستان کسی پر ملک کی کلغی لگاتی ہے جو پانچ سات روپے لیتا ہے اس کو صرف ووٹ کا حق حاصل ہے۔ کیا یہ دنیا میں سب سے زیادہ پسماندہ علاقہ ہے۔ وہاں کے لوگوں کے اندر اتنی sense نہیں ہے کہ وہ خود اپنا نمائندہ منتخب کر سکیں، وہاں منتخب کرنے والے بھی نالاں ہیں اور منتخب ہونے والے بھی نالاں ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ بالغ رائے دہی کی بنیاد پر جس طرح پورا پاکستان اپنے نمائندے منتخب کرتا ہے اسی طرح ہمیں بھی اپنے نمائندے منتخب کرنے کا حق دیا جائے اور اگر کوئی وجہ ایسی ہو کہ یہ ممکن نہیں ہے تو پھر وہاں جو پڑھا لکھا آدمی ہے، میٹرک پاس آدمی ہے اس کو منتخب کرنے کا حق دیا جائے کیونکہ یہ جو محدود کر دیا گیا ہے اس سے آپ ان سے پوچھیئے گا جو وہاں سے منتخب ہو کر آتے ہیں کہ ان کو کتنی دشواریوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے کوئی آدمی اپنی لیاقت کی بنیاد پر، اپنی سیاست کی بنیاد پر، اپنی شخصیت کی بنیاد پر، اپنی تعلیم کی بنیاد پر وہاں منتخب نہیں ہو سکتا۔ ان ملکوں کو پیسے دینے پڑتے ہیں، ووٹ خریدنے پڑتے ہیں ووٹ خرید کے وہ یہاں منتخب ہو کر آتے ہیں، یہ بالکل کوئی انصاف کی بات نہیں ہے کہ پاکستان بھر میں تو ایک ان پڑھ اور جاہل ترین آدمی جو ہے اس کو بھی ووٹ کا حق ہو لیکن وہاں کا ایک تعلیم یافتہ ڈاکٹر یا پی ایچ ڈی ہو تو اس کو بھی اپنا نمائندہ منتخب کرنے والے کا حق نہ ہو یہ دوسری چیز ہے جس پر آپ کو توجہ دینا چاہیئے۔

[Mr. Muhammad Tariq Chaudhry]

تیسری چیز میں یہ عرض کرنا چاہوں گا کہ ابھی تک ہمارے جو چیف الیکشن کمشنر ہیں ان کو مستقل چیف الیکشن کمشنر ہونا چاہیئے۔ وہ پاکستان میں مستقل چیف الیکشن کمشنر نہیں ہیں حالانکہ آئین کا یہ تقاضا ہے کہ مستقل چیف الیکشن کمشنر ہو، میں یہ درخواست کروں گا کہ ۱۹۸۵ء کے انتخابات ہمارے سامنے ہیں کہ انہی چیف الیکشن کمشنر صاحب کی نگرانی میں ہوئے تھے اور وہ بالکل ٹھیک الیکشن تھے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ صدر پاکستان نے جہاں یہ اقدامات اٹھائے ہیں، چیف جسٹسوں کو مستقل کر دیا ہے، وہاں چیف الیکشن کمشنر کو بھی مستقل کیا جانا چاہیئے اور الیکشن کو فیئر بنانے کے لیے، ضروری ہے کہ شناختی کارڈ کا دکھانا ضروری قرار دیا جائے تاکہ الیکشن فیئر اور فری ہو سکیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین : شکریہ! پروفیسر خورشید احمد۔

پروفیسر خورشید احمد : بسم اللہ الرحمان الرحیم ط جناب چیئرمین! میں سمجھتا ہوں کہ اس وقت ہم بڑے ہی اہم موضوع پر گفتگو کر رہے ہیں اور ہم اس حد تک وزیر پارلیمانی امور کے ممنون ہیں کہ انہوں نے اس موضوع پر ہمیں بروقت بات کرنے کا موقع دیا ہے ورنہ آپ کو معلوم ہے کہ اس سے پہلے تحاریک التوا پر آٹھ آٹھ نو نو مہینے تک ان کی باری نہیں آئی، اس حیثیت سے میں آپ کو بھی اور وزیر پارلیمانی امور کو بھی قابل مبارک باد سمجھتا ہوں۔ جناب والا! اگر آپ دستور کی یہ پہلی دفعہ دیکھیں Part I میں تو آپ یہ پائیں گے پاکستان جن علاقوں پر مشتمل ہے انہیں چار حصوں میں بیان کیا گیا ہے، صوبے، اسلام آباد یعنی فیڈرل کیپیٹل ایریا اور فاٹا

such States and territories as are or may be included in Pakistan, whether by accession or otherwise.

خواہ کسی بھی طریقے سے کوئی حصہ پاکستان کا حصہ بنے۔ ایک مرتبہ پاکستان کا حصہ بن جانے کے بعد وہاں کے لوگوں کا حق ہے کہ انہیں وہ تمام حقوق حاصل ہوں جو پاکستان کے ہر شہری کو حاصل ہونے چاہئیں۔ ان کی ضروریات پوری ہوں، وہ ملک کے معاملات میں دلچسپی لیں، مثلاً معاشی مسائل، دیگر وسائل کی ترقی، مواصلات کا نظام، دفاع، نظام عدل وغیرہ، لیکن جناب والا! برطانوی سامراج نے اپنے مخصوص سامراجی مقاصد کے لیے برصغیر میں اپنے انتظام و انصرام کو Provinces, previously States اور non-settled میں تقسیم کر دیا تھا، یہ بہت بڑا سانحہ ہے کہ آزادی کے اکتالیسویں سال میں بھی ان بنیادی مسائل کے بارے میں ہم نے آج تک کوئی صحیح منصفانہ پالیسی نہیں بنائی، وہ ایریاز اب بھی اسی طرح بنیادی قانون سے، دستوری

حقوق سے، ووٹ کے حق سے، عدالت کے نظام سے محروم ہیں اور ایک نہیں ہائیکورٹ، سپریم کورٹ کے متعدد فیصلے موجود ہیں جس میں ان عدالتوں نے اپنی مجبوری کا اظہار کیا ہے کہ ہم ان اہم علاقوں کے لوگوں کو عدل فراہم نہیں کر سکتے اس لیئے کہ ملک کے دستور نے، ملک کے قانون نے، ملک کے انتظامی نظام نے انہیں آج بھی اسی طرح یکساں باہر کیا ہوا ہے جس طرح برطانوی دور میں تھا اور اگر ان کو کہیں ساتھ ملانے کی کوشش کی گئی ہے تو وہ مارجنل ہے، وہ جزوی ہے، یہ بڑا بنیادی مسئلہ ہے اور اس پر حکومت کو، اس ایوان کو فوری توجہ دینی چاہیئے۔

آپ کے سامنے یہ بات بھی آئی ہے کہ مرکزی پارلیمان میں ان کو نمائندگی دی گئی ہے لیکن صوبوں میں نمائندگی نہیں ہے اس لیئے کہ وہ این ڈبلیو ایف پی کا حصہ شمار نہیں کیئے جاتے۔ آپ ان کو ایک صوبہ بنایئے یا آپ ان کو integrate کیجیئے، ایڈمنسٹریشن کا نظام لایئے، عدالتوں کے دائرہ اختیار میں لایئے، انہیں حقوق دیجیئے، انہیں ووٹ کا حق دیجیئے اور یہ حق آبادی کے تمام افراد کو ملنا چاہیئے۔ میں پورے ادب کے ساتھ اس رائے سے اختلاف کروں گا کہ اس کو محدود کر دیا جائے ملکوں کے لیئے یا تعلیم یافتہ افراد کے لیئے یا دولت مند افراد کے لیئے، برطانوی دور میں آپ کو معلوم ہے کہ پراپرٹی پر ووٹ کا حق دیا جاتا تھا یہ ساری کی ساری چیزیں جو ہیں از کار رفتہ ہیں، ہر بالغ شہری کو ووٹ کا حق ملنا چاہیئے جس طرح پاکستان کے باقی تمام حصوں میں حاصل ہے۔ جناب والا! میں سمجھتا ہوں کہ گو اس وقت دستور ہی کا سہارا لیا گیا ہے اس لئے کہ دستور کی غالباً آرٹیکل ۵۱ کی کلاز (۳) جو ہے وہ یہ کہتی ہے:

> "The seats in the National Assembly shall be allocated to each Province, the Federally Administered Tribal Areas and the Federal Capital on the basis of population in accordance with the last preceding census officially published."

یہ دراصل وہ دفعہ ہے جس کی بنا پر اس الیکشن کمیشن نے سیٹوں کی تقسیم میں یہ تغیر کیا ہے *prima facie* معلوم ہوتا ہے کہ وہاں census درست نہیں ہوئی، کوئی وجہ نہیں ہے کہ جب ملک کے ہر علاقے کی آبادی بڑھ رہی ہو تو وہاں آبادی نہ بڑھی ہو۔ یہ کہا جا رہا ہے کہ انتقال آبادی واقع ہوا ہے، کچھ لوگ باہر گئے ہیں لیکن میں سمجھتا ہوں کہ یہ lame excuse ہے اس لیئے کہ ملک کے تقریباً ہر علاقے کے لوگ باہر گئے ہیں۔

[Prof. Khurshid Ahmed]

لیکن جو overall position of population ہے اس سے وہ متاثر نہیں ہوئے۔ جو لوگ باہر گئے ہیں وہ صرف adult males گئے ہیں۔ باقی سارے family members نہیں گئے تو ان تمام وجوہ کی بنا پر کوئی وجہ نہیں ہے کہ اس علاقے کا trend اس سے مختلف ہو جو ملک کے باقی تمام علاقوں کا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہاں نشستوں کا ۸ سے ۵ کیا جانا فطری طور پر وہاں کے لیئے بڑے مسائل پیدا کرنے والا عمل ہے۔ وہ لوگ بہت مضطرب ہیں۔ متعدد افراد مجھ سے آکر ملے ہیں اور اس موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے میں یہ بھی عرض کرونگا کہ ایسے ہی کچھ اور مقامات پر بھی مسائل پیدا ہو رہے ہیں، حیدر آباد سے میرے پاس لوگ آئے ہیں، تار مجھے بھیجے ہیں کہ حیدر آباد شہری صوبائی نشستیں جو ہیں وہ ۶ سے کم کر کے ۵ کر دی گئی ہیں، میرا خیال یہ ہے کہ یہ بڑا نازک کام ہے، میں اس کی technicalities میں تو نہیں جا سکتا لیکن اس موقع کے اوپر اپنے جذبات کا اظہار کرنا ضروری سمجھتا ہوں کہ سیٹوں کی تقسیم میں بلاشبہ آبادی بنیادی criterion ہے لیکن جو دوسری sensitivities اور نزاکتیں ہیں ان کو ملحوظ رکھنا بھی ضروری ہے۔

میں یہ سوال بھی اٹھانا چاہتا ہوں کہ ہمارے ملک میں census جیسا اہم کام اس احساس ذمہ داری کے ساتھ اور ان تمام فنی احتیاطوں کے ساتھ نہیں ہوتا جس طرح یہ کام ہونا چاہیئے۔ دنیا کے دوسرے ممالک میں sample سروے ہوتے ہیں۔ مڈٹرم سروے ہوتے ہیں تاکہ دس سالہ مردم شماری کے بیچ میں ایک مقام پر بھی کم از کم trend کا صحیح صحیح اندازہ کیا جا سکے اور محض linear projection نہ کیا جائے، ان تمام چیزوں کے کرنے کی بھی ضرورت ہے۔ دیکھیئے آپ کا data درست ہے یا نہیں ہے اور اگر کہیں data کوئی ایسا signal دے رہا ہے جس سے معلوم ہوتا ہو کہ وہ درست نہیں ہے تو پھر اس کو re-check کرنے کی ضرورت ہے recount کرنے کی ضرورت ہے ان وجوہ سے میں سمجھتا ہوں یہ ایک فوری مسئلہ ہے کیوں کہ سیٹوں کے کم کئے جانے سے یا کسی دوسرے تعلقات سیٹوں کی ایسی تبدیلی سے سیاسی اضطراب کو جنم ملتا ہے۔ دوسرا بنیادی مسئلہ یہ ہے کہ ان تمام اہم علاقوں کو ان حقوق سے، ان facilities سے اور اس عدالتی نظام سے جس کے بغیر کوئی معاشرہ مہذب معاشرہ قرار نہیں دیا جا سکتا محروم رکھنا درست نہیں۔ ان بنیادی معاملات کے اوپر غور ہونا چاہیئے اور مجھے توقع ہے اگر ان پر غور کیا جائے گا تو پورے پاکستان میں ہم ایک

بہتر معاشرہ قائم کر سکیں گے اور لوگوں کو آزادی کی جو نعمتیں ہیں ان سے پورے طریقے سے
بہرہ ور ہونے کا موقع بھی ملے گا۔

جناب قائم مقام چیئرمین : شکریہ ۔ جناب احمد میاں سومرو صاحب

**Mr. Ahmedmian Soomro:** Thank you, Mr. Chairman. While I am in agreement about the principle of not reducing the seats of FATA, we can not ignore the basis on which the elections have to be held. As far as the census is concerned, my learned brother General Jamal Said Mian has pointed out some of the things which lend suspicion to the veracity of the census. But at this stage Sir, until Government and the relevant Agency is able to correct the census figures we can not go out of the Constitution. For that Sir, I would respectfully take you to Article 51 of the Constitution which says:—

> "The National Assembly shall consist of (two hundred and seven Muslim) members to be elected by direct and free vote in accordance with law."

Then, it gives additional ten seats in the National Assembly to certain reserved classes and for a period of ten years an additional twenty seats are reserved for women and allocated to the provinces in accordance with the Constitution and law. Article 51, (3) which my learned brother had referred, says :

> "The seats in the National Assembly shall be allocated to each Province, the Federally Administered Tribal Areas and the Federal Capital on the basis of population in accordance with the last preceding census officially published."

Now, Sir, we can not go out of this as long as the Constitution as it exists is there. The case made out by Senator General Jamal Said Mian is one whereas constitutional amendment could be considered by the relevant authorities. But the Constitution as it stands can not be acted against because neither the number can be disturbed which is the total composition of the Assembly nor the basis on which it is to be divided. If today instead of five, eight seats are allowed on what basis would it be. And that would again have its effect on the distribution of the total seats which is to be in accordance with the last census. Therefore, Sir, however, we may feel sorry about the reduction of the number of seats the Constitution, as it stands, gives us no loophole to increase the number of these various groups mentioned in sub-article (3). Therefore, Sir, it is not possible to change the basis unless the census is changed and then that would affect the overall position of the composition of the National Assembly in all the Provinces. As learned Professor Khurshid pointed out that he has been receiving protest

[Mr. Ahmedmian Soomro]

from Hyderabad I would also say about the area to which I belong Shikar Pur, their seats have also been reduced by one. But the question is, a basis has been provided to the Election Commission by the Delimitation Ordinance on which they have to delimit the constituencies.

I therefore, feel Sir, that the number of seats can not transgress beyond sub-article (3) of Article 51. As regards the method of voting there also I think, Sir, the system that is being adopted in FATA, in my humble opinion, is not in accordance with the Article 51 sub-article (1) which says that the two hundred and seven members are to be elected by direct and free vote in accordance with the law. They can not be elected by any indirect method. Therefore, the point raised by the learned Senator in this respect is absolutely valid and no law can be made repugnant to the Constitution and therefore, the election from FATA has to be held on the basis of direct vote. This is my humble submission Sir.

**Mr. Acting Chairman:** Thank you. General Jamal Said Mian on point of order.

**Lt. Gen. (Retd.) Jamal Said Mian:** Mr. Chairman, Sir, I am not arguing that the Constitution is wrong. That is one of the things which is very sacred and we can not question that. What I was all along saying that you know I was trying through the condition there and other thing is that the census has been carried out wrongly. I give you one or two examples from the book by the census people. Now take Kurram Agency. Now Kurram agency is one of the agencies which is relatively more settled than the other agencies, where the functionaries can go at least to the major part of the area. There you would see that in 1951 there were 158,000, in 1961, there were 200,000, in 1972 there were 280,000 and in 1981, they were 294,000. So, you see that there is a gradual increase and there is some sort of semblance of correctness. Now, you come to another part which is Mohmand Agency. It is a new agency. The whole of it is not an open area. There you cannot go beyond the roads and it is an unprotected area. Here in 1951, their population was 129,000, in 1961, their population was 294,000, in 1972, their population was 383,000. Now this all seems fairly well-spaced, and then suddenly in 1981 it has been reduced to 163,000, half of what it was in 1972. So, should an intelligent person not look at this and question as to what happened? Was there famine, was there epidemic, was there a war, was there a complete annihilation of population in Mohmand Agency. So, this is what I was saying that I question the correctness of the census and if it is grossly wrong then, I expect the Government should take some action to correct it.

**Mr. Acting Chairman:** Thank you. Mr. Muhammad Ali Khan.

جناب محمد علی خان : جناب چیئرمین صاحب میں آپ کا انتہائی شکر گزار ہوں کہ آپ نے مجھے ایک انتہائی اہم issue پر اپنے خیالات کے اظہار کا موقع عطا فرمایا۔

جناب والا ! اگر ہم اس بحث سے قبل تاریخ کی ورق گردانی کریں تو ہمیں یہ بات معلوم ہو جائے گی کہ انگریزوں سے قبل صوبہ سرحد ٹرائبل ایریا سمیت افغانستان کا حصہ تھا اور اس وقت اس میں یہ تمیز نہیں تھی کہ یہ ٹرائبل ایریا ہے یا Settled Districts ہیں۔ انگریزوں کے آنے کے بعد اس علاقے کو بدقسمتی سے تین حصوں میں تقسیم کیا گیا، ایک Settled Districts، نمبر۲ States تیسرا Tribal Area، ایک انگریز مؤرخ نے اپنی ایک کتاب میں لکھا ہے کہ مجھے پختونوں کے منہ سے قومیت کی بو آتی ہے اور ایک دن آئے گا کہ یہ ہمارے خلاف مکمل بغاوت کریں گے یا یہ دوبارہ افغانستان کے ساتھ شامل ہو جائیں گے لہٰذا یہی بہتر ہے کہ ان کو ہم تقسیم کریں تاکہ ان کا آپس میں، ایک دوسرے سے کوئی رابطہ ہی نہ رہے۔

جناب والا ! ۱۸۹۳ء میں امیر عبدالرحمٰن کے ساتھ معاہدہ ہوا اور Durand Line کو ایک مستقل حیثیت فرنٹیئر کی دے دی گئی۔ اس وقت امیر عبدالرحمان خان کو خوش رکھنے کی خاطر، اس میں ایک کلاز لکھا گیا کہ South of Durand Line میں جتنے بھی ٹرائبل ایریا کے لوگ ہیں، ان کو ایک علیحدہ Entity تصور کیا جائے اور Settled Districts میں شمار نہ کیا جائے۔

جناب والا ! حالات تبدیل ہو گئے، واقعات تبدیل ہو گئے اور ایک سو سال اس واقعہ کو گزر گئے ہیں، اس علاقے کو اب تین حصوں میں تقسیم کرنا، میں سمجھتا ہوں کہ ایک Anarchism نظر آرہا ہے۔ جہاں تک ریاستوں کا تعلق ہے وہ ختم ہو گئی ہیں۔ اب ہمارے علاقے Settled Districts اور Tribal Areas میں تقسیم ہو گئے ہیں۔ Tribal Areas دور افتادہ علاقے ہیں۔ پسماندہ علاقہ جات ہیں۔ وہاں تعلیم کی کمی ہے۔ وہاں سڑکیں نہیں ہیں، مواصلات کی بھی کمی ہے اور اگر کہیں حکومت سڑکیں بنانے کی کوشش بھی کرے، تو ایسے لوگ جو افغانستان سے باقاعدہ جاگیریں حاصل کئے ہوئے ہیں، ان کی خواہش اور کوشش یہ ہوتی ہے کہ یہاں مواصلات کا نظام درہم برہم ہو جائے تاکہ لوگ ایک دوسرے کے ساتھ رابطہ قائم نہ کر سکیں۔ لوگ غریب ہوتے کے علاوہ بے تعلیم بھی ہیں اور وہ آج تک اپنے بنیادی حقوق سے

[Mr. Muhammad Ali Khan]

محروم ہیں۔ حالانکہ ہم یہ کہہ رہے ہیں کہ ملک میں Universal Suffrage ہے۔ جہاں تک Tribal Areas کا تعلق ہے، وہاں صرف مخصوص طبقے کو ووٹنگ کا حق حاصل ہے اور غریب عوام جو ہیں وہ اس حق سے محروم ہیں۔ ویسٹ پاکستان کے زمانے میں وہاں کے ممبر ہمارے ساتھ صوبائی اسمبلیوں میں ممبر رہ چکے ہیں اور اب میں نہیں سمجھتا ہوں کہ ان کو صوبوں میں کیوں نمائندگی نہیں دی گئی ہے۔ چاہیئے تھا کہ اس غیر علاقے کے لوگوں کو صوبائی اسمبلیوں میں باقاعدہ نمائندگی ملتی اور پھر اسی تناسب سے یہاں بھی باقاعدہ نمائندگی ملتی۔

جناب والا! جہاں تک census کا تعلق ہے، یہ دشوار گزار علاقہ ہے، وہاں لوگ جاتے بھی نہیں۔ مجھے اس ضمن میں ایک بات یاد آئی کہ رستم، ضلع مردان و تحصیل مردان کا ایک حصہ ہے۔ تو وہاں ایک پٹواری چائے کی دکان پر بیٹھ کر پہاڑی علاقے کی گرداوری کر رہا تھا تو کسی نے اس سے پوچھا کہ مرزا صاحب آپ وہاں موقع پر کیوں نہیں جاتے، تو اس نے کہا کہ جناب تحصیلدار بھی تو اس کی چیکنگ یہاں سے ہی کرتے ہیں۔ نہ میں کبھی وہاں گیا ہوں اور نہ کبھی تحصیلدار وہاں گیا ہے۔ تو یہی حالت اس Tribal Areas کی ہے کہ وہاں کے لئے کوئی بھی نہیں گیا۔ اگر یہ لوگ کہیں کہ وہاں آبادی کم ہو گئی ہے، میں حیران ہوں کہ آبادی کیسے کم ہو گئی ہے، آبادی دن بہ دن بڑھ رہی ہے اور وہاں اگر لوگ موجود نہیں ہیں تو اس کی وجہ یہ ہو سکتی ہے کہ کچھ لوگ فوج میں بھرتی ہیں، کچھ پولیس میں بھرتی ہیں، کچھ دوبئی گئے ہیں اور کچھ کراچی اور سندھ میں مزدوری کے لئے گئے ہیں لیکن نہ انہوں نے نقل مکانی کی ہے اور نہ وہاں سے گئے ہیں بلکہ عارضی طور پر دوسرے علاقوں میں موجود ہیں، کلی طور پر وہ نہیں گئے ہیں، دو چار، دس سال وہاں مزدوری کر کے پھر واپس اپنے علاقے میں آجاتے ہیں۔ ان لوگوں کو نظر انداز کیا گیا ہے۔ اگر یہ لوگ گئے بھی ہیں تو یہ عارضی طور پر گئے ہیں یعنی مزدوری کے لیے گئے ہیں کیونکہ وہاں نہ زراعت ہو سکتی ہے اور نہ صنعت ہے اور نہ کوئی دوسرا کاروبار ہے۔ وہ بے چارے پریشانی کی حالت میں گئے ہیں لہٰذا میں سمجھتا ہوں کہ جب تک اس کا فیصلہ نہ ہو جائے اسے یا تو جدا صوبہ تصور کیا جائے یا اس کو صوبہ سرحد کے ساتھ مدغم کیا جائے اور پراونشل اسمبلی میں ان کو باقاعدہ ممبرشپ دی جائے اور اسی تناسب سے یہاں ان کو سیٹیں دی جائیں، جب تک وہ فیصلہ نہیں ہوتا، میں سمجھتا ہوں کہ آٹھ سے پانچ سیٹیں کرنا، ایک ہوتا ہے ظلم اور ایک کو کہتے ہیں ظلم عظیم، ان کے ساتھ ظلم عظیم ہے۔ ان کی باقاعدہ آٹھوں کی آٹھوں سیٹیں ان کو دی جائیں اور پھر اس کا اثر یقیناً

سینیٹ کے ممبران پر پڑے گا ۔ جب وہ پانچ ہوں گے تو سینیٹ کے ممبران چار ہوں جائیں گے کیونکہ ایک نے propose کرنا ہے اور دوسرے نے second کرنا ہے ۔ چار کو تو سیکنڈ کر لیں گے لیکن ایک بے کار رہے گا ۔ اگر وہ پانچ ہوں گے تو یہاں چار ہوں گے اور ہم چار ووٹ سے اور چار بھائیوں سے محروم ہو جائیں گے ۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ ان کے آٹھ کے آٹھ ممبر رہنے دیئے جائیں اور اس کے بعد حکومت کو چاہیئے کہ اس طرف توجہ دے کہ جو پرانے زمانے کی چیزیں تھی ، انگریزوں کے زمانے کی چیزیں تھی ، امیر عبدالرحمان کو خوش کرنے کے لیئے کو Special Treatment South of Durand Line دی گئی تھی اور پھر یہ کہ کرم ایجنسی تو از خود برٹش انڈیا کے ساتھ شامل ہو گئی تھی ، اس کا بھی باقاعدہ جائزہ لیا جائے اور اس کو صوبہ سرحد کے ساتھ شامل کر کے ایک صوبہ بنایا جائے اور وہاں باقاعدہ جس طرح سے میرے بھائی پروفیسر خورشید صاحب نے کہا ہے کہ عدلیہ میں رٹ کا حق بھی ملنا چاہیئے ، مواصلات کا نظام ہونا چاہیئے تاکہ وہ باقاعدہ اس بات پر فخر کر سکیں کہ وہ بھی ہمارے جیسے پاکستانی شہری ہیں ۔ شکریہ ۔

جناب قائم مقام چیرمین : نوابزادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی صاحب ،

نوابزادہ جہانگیر شاہ : اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم ، بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔

ہر کام یا ہر فیصلہ اس وقت کیا جانا چاہیئے جب وہاں کے لوگوں کی تاریخ کا پس منظر ، ان لوگوں کی خو بو ، ان کی عادات اور مشغلوں کے بارے میں معلوم ہو ۔ جب تک ہمیں پوری معلومات نہ ہوں اس وقت تک ایسے فیصلے نہیں کرنے چاہیئیں کیونکہ ایسے فیصلے ہمیشہ ناکامی کی صورت اختیار کر لیتے ہیں ۔

ٹرائبل ایریاز آج کا نہیں انہوں نے انگریزوں سے لڑکر آزادی حاصل کی تھی ، وزیرستان اور ٹرائبل ایریاز میں جنگ ہوتی رہی اور متواتر ہوتی رہی اور ۱۹۲۷ء سے لیکر ۱۹۴۷ء تک جاری رہی ۔ میں نے ان کے اوپر کتابیں پڑھی ہیں ، میں نے اس علاقے کو سمجھا بھی ہے ۔ انگریزوں کی اس کے اوپر جتنی کتابیں ہیں ، ان کو میں پڑھ چکا ہوں ۔

ایک کتاب جو دو جرنیلوں نے لکھی ہے اس کے پہلے چیپٹر میں وہ لکھتے ہیں ۔

"Wazirs and Mahsuds fighting in their own country are the best warriors of the world", and then he says : "They are the best umpires of the world. No tactical error goes unpunished *e.g.* not picketting properly or timely."

[Mr. Muhammad Ali Khan]

اور انکی intelligence بتائے گی کہ کس طرح کا کیس ہے اور آج بھی چونکہ میں اس علاقے میں رہ چکا ہوں، آپ فورس کے بغیر وہاں نہیں جاسکتے، کوئی افسر بغیر فورس کے نہیں جاسکتا لیکن یہ کیسے ممکن ہوا کہ وہاں سو فیصد گھر گھر جاکر مردم شماری کی ہے۔ سب فرضی ہے۔ جب ایک چیز فرضی ثابت ہو جاتی ہے اور جس چیز میں شک ہو جاتا ہے جب تک کہ اس کی تصدیق نہ کی جائے اس پر عمل نہیں ہو سکتا۔ اس لحاظ سے میں سمجھتا ہوں کہ یہاں کی مردم شماری پہ شک ہے، وہ مکمل نہیں ہے۔ میں خود سمجھتا ہوں کہ وہاں پر مردم شماری نہیں ہو سکی۔ اور نہ ہو گی؟ تو اس لئے ان کی سیٹیں رہنے دیجئے اور ایسا طریقہ اختیار کریں کہ پہلے مردم شماری کے اعداد و شمار اکھٹے کریں کہ واقعی یہ لوگ دس سال میں کتنے بڑھ گئے ہیں۔ اگر انگریز کا وقت ہوتا اور وہاں ٹرائیبل اسطرح حکومت میں خوشی سے شامل ہوتے تو میرا خیال ہے کہ ان کو وہاں پانچ ڈویژن فوج نہ رکھنی پڑتی۔ یہ ٹرائیبل ایریا تھا کہ جس وقت قائد اعظم نے کہا کہ اب یہاں سے اپنی تمام فوج جو انگریزوں کے وقت وہاں تھی اس بنا پر نکال لی گئی کہ یہی سپاہی ہیں۔ جو انگریز کے ساتھ لڑتے تھے اور یہی ہمارے اب سپاہی ہیں جو اسلام کے لئے لڑیں گے، ہمیں اس پر سیاسی طور پر بھی غور کرنا چاہیئے اگر آپ ان کو سیٹیں نہیں دیں گے تو وہاں پر بہت بڑا فساد ہو گا، اسکی تو تصدیق ہی نہیں ہے کہ مردم شماری صحیح ہوئی ہے۔ میں آج دعوے سے کہہ سکتا ہوں کہ مجھے وہ افسر بتادے کہ وہ میران شاہ یا اڈہ وزیرستان چھوڑ کر باقی ٹانک روڈ پر بھی کوئی گیا ہو۔ یہ ایک شک والی بات ہے اور شک کی بنیاد پر ان اعداد و شمار پر اعتبار نہ کیا جائے۔ فی الحال اس کو اسی طرح رہنے دیں۔ رہا ملکوں کے ووٹ کا مسئلہ، تو لوگوں سے اسکا پوچھنا پڑے گا کہ وہ صوبے کے settled area میں آنا چاہتے ہیں یا اسی طرح سے اپنے آپ کو رکھنا چاہتے ہیں۔ تب وہ کام کامیاب ہو گا۔ یہاں سے فیصلے نہ کئے جائے۔ ان سے پوچھ کر فیصلہ کریں تب ہی بات بنے گی۔ ان الفاظ کے ساتھ میں جمال سید میاں صاحب کی تائید کرتا ہوں۔

سید عباس شاہ : جناب والا! ایک اہم مسئلہ جو کہ ہمارے بہت sensitive area سے تعلق رکھتا ہے اسکو اس ہاؤس میں اٹھایا گیا۔ میں بھی ضروری سمجھتا ہوں کہ اپنے خیالات کا اظہار کروں۔ جناب والا! census کے متعلق جنرل صاحب نے جو دلائل دیئے ہیں وہ قابل غور ہیں کہ آبادی بڑھی یا کم ہوئی لیکن میں اس ٹرائیبل ایریا کے ضمن میں جس

کا حوالہ جناب مومرد صاحب دے رہے ہیں آرٹیکل ۲۴۶ کا حوالہ دوں گا جس میں اس ایریا کو تقسیم کیا گیا۔

"246. (a) "Tribal Areas" means the areas in Pakistan which, immediately before the commencing day, were Tribal Areas....."

اور میں آپ کو اسی آرٹیکل کے ذیلی شق (سی) کی طرف لے جاؤں گا جس کے تحت ان علاقوں کی تقسیم چھ حصوں میں کی جاتی ہے۔

جناب والا! یہ آٹھ ایجنسیاں بنتی ہیں اور یہی آٹھ constituencies بنتی ہیں۔ آج اگر آپ دو سینیٹرز کو ایک M.N.A. دیں تو بہت مشکلات پیدا ہونگی جس پر آپ غور نہیں کر رہے ہیں۔ آرٹیکل ۲۴۷ (۳) کو دیکھیں جس میں لکھا ہے۔

"247. (3) No Act of Majlis-e-Shoora (Parliament) shall apply to any Federally Administered Tribal Area or to any part thereof unless the President so directs ......."

ایک تو آپ سارے قانون سے علیحدہ کر کے صدر کے آرڈر کے تحت اس علاقے کو کنٹرول کر رہے ہیں۔ یہاں پر میں الیکشن کمیشن کی jurisdiction یا interpretation کو چیلنج نہیں کر رہا ہوں، میں صرف یہ کہہ رہا ہوں کہ ان کی جو jurisdiction ہے وہ ان پہ حاوی نہیں ہوتی، جیسے آپ ان کو ٹرائیبل سسٹم میں تقسیم کر رہے ہیں۔ ٹرائیبل خاندانوں میں جیسے میں آپ سے کہہ رہا ہوں کہ باجوڑ ایجنسی، اس میں اپنا ایک قبیلہ ہے۔ مہمند ایجنسی اس میں اپنا ایک قبیلہ ہے اور اسی طرح خیبر ایجنسی اس میں بھی اپنا ایک قبیلہ ہے۔ تو ان قبائل کی بنیاد پر اگر آپ نے آٹھ سیٹیں دے دیں تو آج اسکا فیصلہ اس ہاؤس سے یا by Act or Ordinance نہ کرائیں۔ یہ فیصلہ تو ان آٹھ ایم این اے کو بٹھا کر ان سے کیا جا سکتا تھا۔ لیکن آج یہ فیصلہ اس علاقے میں کرنا injustice ہوگا اور وہاں ایسے حالات پیدا ہونگے

[Syed Abbas Shah]

کہ آپ مجبور ہونگے آٹھ دینے کی بجائے دس دیں گے۔ کیا یہ ادارہ جسکو بار بار کہا جاتا ہے کہ courts have to interpret. Let the courts interpret. ہم کیوں وہاں سے آٹھ کم کر کے آرڈیننس جاری کریں۔ یہ اس علاقے کی نمائندگی اور اُن کے حقوق کو غضب کرنے کے برابر ہوگا اور میں جناب جہانگیر شاہ جوگیزئی اور جمال سید میاں صاحب کی اس approach پہ کہ census بالکل صحیح نہیں ہوئے ہیں، وہاں کے مخصوص حالات ہیں، ایسے ایریاز ہیں کہ ہم وہاں سے تعلق رکھتے ہوئے بھی بعض ایریاز میں جب جاتے ہیں تو ایک فورس لیکر جاتے ہیں۔ جناب چیئرمین صاحب آپ بھی ایک ٹرائیبل سسٹم سے connected ہیں، آپ کو بھی علم ہے کہ مردم شماری کے آفیسر کے لئے یہ ناممکن ہے کہ وہ وہاں جاکر مردم شماری کر سکے۔ میں سمجھتا ہوں کہ صدر اس کو کنٹرول کر رہا ہے۔ جیسے آرٹیکل ۲۴۷ کے تحت وہ علاقہ آپ کے ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ کی jurisdiction سے باہر ہے اس لئے ان کی یہ نمائندگی کا حق صدر کی صوابدید پہ رکھنا چاہیئے۔

جناب والا! میں اس آرڈیننس کی مخالفت کروں گا اور ان کے حقوق ان کو دینے چاہئیں۔ ان کے ووٹ کے مسئلہ کو علیحدہ اُٹھایا جائے اور اس پر علیحدہ بات ہوگی۔ شکریہ۔

قاضی عبداللطیف: شکریہ۔ جناب والا! میں جہاں تک سید میاں صاحب کا مطالبہ ہے اس کی تائید کرتا ہوں، جو قانونی یا آئینی نکات اُٹھائے گئے ہیں، میں ان کا اعادہ نہیں کرونگا۔ صرف اتنی گزارش کروں گا کہ آپ کو معلوم ہے کہ قبائل کو پاکستان کا بازوئے شمشیرزن کہا جاتا ہے۔ اس وقت ضرورت اس کی تھی کہ ان لوگوں کی مزید دلجوئی کی جائے۔ دلجوئی کی بجائے اگر ان کو یہ تاثر ملے گا کہ ہمارے حقوق کی حق تلفی ہو رہی ہے تو آپ اندازہ لگائیے کہ اس وقت آپ کے ملک کے جو حالات ہیں ان میں اس کا جواب کون دے گا۔ یہی قبائل تھے کہ کشمیر میں جاکر انہوں نے قربانی دے کر اپنا لوہا منوایا تھا اور دنیا پر ثابت کر دیا تھا کہ پاکستان میں ایک فوج وہ بھی ہے کہ جو بغیر تنخواہ کے لڑ سکتی ہے اور وہ اپنے نظریات کی بنیاد پر اپنا سر دے سکتی ہے۔ اس وقت بھی وہاں کے لوگوں نے پاکستان کا جو دفاع کیا ہے۔ اور اس وقت ہم پر جو حملے ہو رہے ہیں ان کا دفاع تو

یہی لوگ کر رہے ہیں یہ بات سمجھ سے بالاتر ہے کہ تمام دنیا کی آبادی میں تو اضافہ ہو رہا ہے اور قبائل کی آبادی میں کمی آجائے۔ کیا وہاں کوئی جنگ ہوئی ہے۔ جنگ عظیم سے وہ گزرے ہیں؟ یا جس طریقے سے میاں صاحب نے کہا کہ خدا نخواستہ وہاں کوئی وبا پھیلی تھی؟ کہ جس سے اتنے لوگ مر گئے ہیں۔ ان کی آبادی میں کمی آگئی ہے۔ جہاں تک ان کی ترقی کا تعلق ہے میں ان کا حامی ہوں، ان کو ترقیاتی سکیمیں دی جائیں۔ لیکن یہ کہہ دینا جس طریقے سے ہمارے معزز رکن پروفیسر خورشید صاحب نے کہا کہ عدالتی نظام بھی وہاں جاری کیا جائے۔ وہ عدالتی نظام، جس لعنت سے ہم اپنے آپ کو چھڑا رہے ہیں اسی کو آپ وہاں مسلط کرانا چاہتے ہیں۔ جب تک یہاں پر عدالتی نظام کی اصلاح نہ ہو جائے، اور یہاں پر شریعت کا قانون نافذ نہ ہو جائے اور یہاں عدالتی نظام صحیح نہ ہو جائے، قانون صحیح نہ ہو جائے اس وقت تک ان پر یہ قانون یا نظام مسلط کرنا میں سمجھتا ہوں یہ غلامی کی وہ یادگار ہے اور وہ نوآبادی نظام ہے جس سے آج تک ہم اپنے آپ کو نہیں چھڑا سکے۔ اگر یہ کہا جاتا ہے کہ وہ آپس میں لڑتے ہیں وہ غیر مہذب ہیں، غیر تعلیم یافتہ ہیں۔ میں پوچھتا ہوں حیدر آباد غیر تعلیم یافتہ ہے؟ کراچی غیر تعلیم یافتہ ہے؟ کہ جہاں تعلیم تعلیم کو کاٹ رہی ہے۔ تعلیم تعلیم کی گردن کاٹ رہی ہے۔ وہاں تعلیم کم نہیں ہے۔ وہاں آپ کی تعلیم کے بڑے بڑے گریجویٹ ہیں اور وہ باہم لڑ رہے ہیں لیکن جو امن وہاں پر ہے یہاں پر نہیں ہے۔ ہاں میں کہتا ہوں جب تک یہاں پر قرآن و سنت کا صحیح عدالتی نظام اور قانون نہیں آتا، ان پر یہ قانون مسلط کرنا ظلم ہوگا۔ یہ علیحدہ بات چھیڑ دی گئی ہے کہ ان کے نظام کو بدلا جائے، ان کے طریق کار کو بدلا جائے۔ ان لوگوں سے پوچھا جائے کہ آپ کے لئے طریق کار کیا ہونا چاہیئے۔ یہ ان کے اپنے حقوق ہیں۔ یہ بات کہہ دینا کہ ان کو انگریزوں نے پسماندہ رکھا ہوا ہے اور ہم بڑے تعلیم یافتہ اور ترقی یافتہ ہو گئے ہیں۔ میں پوچھتا ہوں یہاں چوریاں زیادہ ہیں یا وہاں زیادہ ہیں؟ یہاں قتل کے مقدمے زیادہ ہیں یا وہاں زیادہ ہیں؟ تو یہ بحث میں سمجھتا ہوں قبل از وقت ہے اور اس کو یہاں نہیں چھیڑنا چاہیئے۔ صرف اتنی میں گزارش کروں گا کہ جس طریقے سے سید میاں صاحب نے کہا ہے، ان کا حق ہے، ان کے حق کو کم نہ کیا جائے بلکہ ان کی حوصلہ افزائی کی جائے، ان لوگوں کو منظم کیا جائے، ان

[Qazi Abdul Latif]

کو ترقیاتی سکیمیں دی جائیں تاکہ وہ آپ کا دفاع کر سکیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین : شکریہ! جناب شاد محمد خان صاحب۔

جناب شاد محمد خان : جناب والا! جہاں تک مردم شماری کا تعلق ہے یہ مردم شماری واقعی مفروضے کی بنیاد پر ہوئی ہے۔ آبادی کا تناسب سارے پاکستان میں بڑھتا ہوا نظر آتا ہے۔ تو نا معلوم یہاں آبادی کا تناسب کس طرح گھٹ گیا۔ لہٰذا اس کا جائزہ لینا چاہیئے۔ چاہیئے تو یہ تھا کہ یہ لوگ بروقت اقدام کرتے اور مردم شماری کو اسی وقت چیلنج کرتے، اس میں ترمیم ہو سکتی تھی۔ لیکن اب بھی وقت ہے، ان کے ساتھ ناانصافی ہو رہی ہے۔ مجھے یہ منطق سمجھ میں نہیں آئی۔ پہلے جو ہم نے آٹھ سینیٹر منتخب کیئے ہیں تو ان کو آٹھ ایم پی اے نے پر لوٹ کیا ہے۔ آج یہ دلیل دی جا رہی ہے کہ انتخابی قوانین کے مطابق پریفرنز اور سیکنڈ رتہ نہایت ضروری ہیں۔ لہٰذا یہ ابہام بھی اگر قانون میں موجود ہے تو اس کی اصلاح بھی نہایت ضروری ہے۔ انتقال آبادی کے متعلق جس طرح جناب محمد علی خان نے ارشاد فرمایا جناب والا! اگر کراچی کی آبادی بڑھتی گئی ہے اور چار لاکھ سے آج یہ پچاس ساٹھ ستر لاکھ تک پہنچ گئی ہے۔ تو یہ نقل مکانی کہیں سے تو ہوئی ہے جس کا یہ اثر پڑا ہے اس لیئے مردم شماری میں یہ احتیاط برتنی چاہیئے کہ دہرے اندراجات کہیں بھی نہ ہوں۔ جہاں سے کوئی لوگ آئے ہیں وہ ایک جگہ ووٹ استعمال کریں، دوسری جگہ ان کا اندراج نہیں ہونا چاہیئے۔ اگر اس غلطی کا آئندہ کے لیئے بھی اہتمام کیا جائے تو یہ بہتر ہوگا۔

علاوہ ازیں مولانا صاحب نے یہ کہا کہ جب تک ان لوگوں کے حالات نہیں سدھرتے تو عدلیہ کا نفاذ نہیں ہونا چاہیئے۔ جب بات اسلام کی کی جاتی ہے تو اس میں نہ قبائلی کا سوال پیدا ہوتا اور نہ سیٹیلڈ ایریا کا سوال اٹھتا ہے۔ ہمیں ایک ہی نظریے سے کام کرنا چاہیئے اور خدا کرے کہ فضا ہموار ہو جائے لہٰذا آخر میں جناب والا! محرک کی میں تائید کروں گا کہ اس disparity کو دور کیا جائے خواہ آرڈیننس کی شکل میں ہو خواہ اصلاحی شکل میں ہو جس طرح بھی ہو۔ ان کو ان کے حقوق دیئے جائیں۔ شکریہ۔

جناب قائم مقام چیئرمین : شکریہ! جناب وسیم سجاد صاحب۔

جناب وسیم سجاد : جناب والا! ممبران نے کچھ اہم نکات اٹھائے ہیں۔ آج وقت بھی نہیں ہے۔ میں آپ سے اجازت چاہوں گا کہ اگلے ورکنگ ڈے پر ان اعتراضات کی

روشنی میں ایک سٹیٹمنٹ جناب کے سامنے دوں -

جناب قائم مقام چیئرمین : میں sense of the House لینا چاہتا ہوں۔

میر غلام حیدر تالپور : میں بھی جناب بولنا چاہتا ہوں -

جناب قائم مقام چیئرمین : تالپور صاحب آپ نے اگر فرمانا ہے تو ابھی فرما دیں۔

میر غلام حیدر تالپور : جناب مجھے کل موقع دیں ۔ آج میں تیار نہیں ہوں۔کل آپ مجھے صرف پانچ منٹ دے دیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین : قواعد کے تحت یہ ہو نہیں سکتا۔ تالپور صاحب آج فرمادیں ۔جو فرمانا ہے -

میر غلام حیدر تالپور : آج میں تیار ہی نہیں ہوں۔

**Mr. Acting Chairman:** The motion is talked out and the Justice Minister will make a detailed satement on the issue of delimitation on the next working day (Government business day). Then, the House is adjourned to meet again on 12th September, 1988 at 5.00 p.m. in the evening. That will be a Private Members day. Thank you.

---

*[The House adjourned to meet again at five of the clock in the evening on Monday, the 12th September, 1988]*

---

Litho/2493/88-89/Senate–20-7-92–300 Books.